CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | منگل، 30 جون 2026ء، 14 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 176

پانی پر ہاتھ ڈالنے والوں کے ہاتھ کاٹ دیں گے

پانی پاکستان کی بقا اور قومی سلامتی سے جڑا ہوا ہے، اس لیے وزیر اعظم اور عسکری قیادت کسی بھی قسم کے سمجھوتے کے حق میں نہیں ہیں

اسلام آباد میں پہلی مرتبہ سندھ طاس معاہدے پر عالمی سیمینار جاری ہے جس میں آبی وسائل کے ماہرین شریک ہیں، پاکستان کے مؤقف کو بین الاقوامی سطح پر پذیرائی مل رہی ہے۔

وفاقی وزراء عطا اللہ تارڑ اور مصدق ملک نے پریس کانفرنس میں واضح کیا ہے کہ یہ ایک مسلمہ بین الاقوامی معاہدہ ہے جس پر ملکی بقا اور قومی مفادات کا سودا نہیں کیا جائے گا

وزراء نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ عالمی برادری نے پاکستان کے قانونی مؤقف کو تسلیم کیا ہے جبکہ کانفرنس کے دوسرے روز زراعت اور آبی حقوق کے تحفظ پر تفصیلی گفتگو ہوگی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کا مؤقف عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے اور بین الاقوامی برادری نے اس معاہدے کی قانونی حیثیت کو تسلیم کرتے ہوئے پاکستان کے مؤقف کو مزید تقویت بخشی ہے۔ وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ یہ پاکستان اور بھارت کے درمیان طے پانے والا ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے، جس کی قانونی حیثیت مسلمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل نے ہمیشہ اس بات پر زور دیا ہے کہ پانی پاکستان کی بقا کا معاملہ ہے، اس (بقیہ نمبر 1)

وفاق سے فنڈز بروقت نہ ملنے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، مراد علی شاہ

وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ کا سندھ اسمبلی میں بجٹ پر تفصیلی اظہارِ خیال

کراچی (بیورو رپورٹ) (وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد مراد علی شاہ نے سندھ سندھ اسمبلی میں بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تسلسل با کہ انہوں نے مسلسل 13 واں بجٹ پیش کیا ہے اور اس پر سندھ کے عوام اور پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کے شکر گزار ہیں، بجٹ میں (بقیہ نمبر 2)

ایف بی آر افسر اجلاس سے باہر نکال دیے گئے

ٹیکس چوری کی غلط معلومات دینے پر سینیٹ کمیٹی کے چیئرمین سخت برہم

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ٹیکس چوری کی غلط معلومات دینے رپ سینیٹ کمیٹی نے چیف آپریشنز ایف بی آر کو اجلاس سے باہر نکال دیا۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں تمباکو، ٹیکس چوری اور سگریٹ ا (بقیہ نمبر 3)

اورنگی ٹاؤن: سوتیلے بیٹے نے ماں قتل کر دی

کراچی: (نیوز ڈیسک) اورنگی ٹاؤن میں بیٹے نے سوتیلی ماں کو کلہاڑی کے پے در پے وار کر کے قتل کر دیا، واقعے کے وقت مقتولہ کی مدد کرنے والا پڑوسی بھی زخمی ہوا۔ پولیس نے شدید مزاحمت کے بعد ملزم بیٹے کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے واقعے میں استعمال ہونے والا آلہ قتل (کلہاڑی) بھی برآمد کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اورنگی ٹاؤن تھانے کے علاقے اورنگی ٹاؤن نمبر ایک سیکٹر (بقیہ نمبر 4)

ایران کے قطر میں منجمد چھے ارب ڈالر جلد ملنے کا دعویٰ

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے دعویٰ کیا ہے کہ قطر میں منجمد اس کے 12 ارب ڈالر کے اثاثوں میں سے 6 ارب ڈالر جلد جاری کر دیے جائیں گے۔ ایرانی سرکاری میڈیا (بقیہ نمبر 5)

آزاد کشمیر سپریم کورٹ نے اہم فیصلہ سنا دیا

ہائیکورٹ کا پی ٹی آئی کی عبوری رجسٹریشن کا فیصلہ معطل کر دیا گیا

مظفر آباد: (نیوز ڈیسک) آزاد جموں وکشمیر کی سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی عبوری رجسٹریشن کرنے کا ہائیکورٹ کا فیصلہ معطل کر دیا۔ آزاد جموں وکشمیر کے چیف جسٹس سعید اکرم راجہ کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کی درخواست پر فل بنچ تشکیل دے دیا گیا، سماعت 2 جولائی کو ہوگی (بقیہ نمبر 38)

بجلی بیاسی پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان

سی پی پی اے کی درخواست پر نیپرا کل سماعت کرے گی، صارفین پر بوجھ بڑھنے کا خدشہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کراچی سمیت بجلی کی فی یونٹ قیمت میں اضافے کا امکان ہے، جس کے لیے سی پی پی اے نے نیپرا میں درخواست دائر کر دی۔ سی پی پی اے نے بجلی کی قیمت میں 82 پیسے فی یونٹ اضافے کے لیے درخواست جمع کروائی ہے، مئی کے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ (بقیہ نمبر 9)

مفرور شیخ حسینہ وطن واپس آئیں گی

سزائے موت کے باوجود واپسی کا دعویٰ سامنے آگیا

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بنگلہ دیش کی مفرور سابق رہنما شیخ حسینہ نے کہا ہے کہ وہ رواں سال اپنے ملک واپس آئیں گی حالانکہ چند ماہ قبل انہیں انسانیت کے خلاف جرائم کے الزا (بقیہ نمبر 10)

پنجاب میں LPG بلیک مقررہ قیمت سے 200 روپے تک زیادہ وصول

پنجاب بھر میں ایل پی جی مافیا بے لگام، من مانی قیمتیں وصول کرنے لگا، دکانداروں نے سرکاری نرخ نامے ہوا میں اڑا دیے

پنجاب بھر میں ایل پی جی مافیا بے لگام، لاہور میں قیمتیں مسلسل بڑھنے لگیں شہری مشکلات میں مبتلا

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب بھر میں ایل پی جی مافیا بے لگام من مانی قیمتیں وصول کرنے لگا، ایل پی جی کی سرکاری قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ لاہور میں مختلف دکاندار ایل پی جی 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت کر رہے ہیں، شہری بلیک میں ایل پی جی خرید نے پر مجبور ہو گئے، تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے قیمت مقرر کرنے کے باوجود لاہور سمیت پنجاب بھر میں ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ نہ رک سکا۔ مارکیٹ ذرائع کا کہنا ہے حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی سرکاری قیمت 308 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم لاہور میں مختلف دکاندار (بقیہ نمبر 8)

سب انسپکٹر کی ٹارگٹ کلنگ کا منصوبہ ناکام، انتہائی مطلوب ملزم گرفتار

کراچی (نیوز ڈیسک) پولیس نے سب انسپکٹر کی ٹارگٹ کلنگ کا منصوبہ بنانے والے انتہائی مطلوب مجرم کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان کیماڑی پولیس کے مطابق تھانہ سائیٹ اے کی حدود میں حیدر چالی پٹھان کالونی کے علاقے میں (بقیہ نمبر 6)

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سپریم کورٹ پہنچ گئے

اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ چیلنج، سزا معطلی کی استدعا کر دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) 190 ملین پاؤنڈ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے اسلام آباد ہائیکورٹ کا فیصلہ چیلنج کر دیا۔ سپریم کورٹ میں دائر اپیلوں میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے سزا معطلی کی درخواستیں نیب کی جانب سے بار بار التوا کے باوجود مسترد کر دیں اور مقدمے کے اہم قانونی نکات کو نظر انداز کیا۔ درخواست گزاروں کا کہنا ہے کہ ہائی کورٹ نے شواہد کا ابتدائی جائزہ (بقیہ نمبر 7)

پاکستان کی افغان سرحد پر بڑی کارروائی، 29 خوارج ہلاک

پاکستان کی افغان سرحد اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں سکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔

پاک فوج کے کامیاب آپریشن غضب للحق کے تحت باجوڑ اور دیگر علاقوں میں جماعت الاحرار کے اہم کمانڈر سمیت پچیس دہشت گرد مارے گئے جبکہ ان کے تین مراکز اور اسلحہ تباہ کر دیا گیا

آئی ایس پی آر کے مطابق سکیورٹی فورسز نے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے خاتمے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے خیبر پختونخوا، بلوچستان اور کراچی میں حملوں کا بھرپور جواب دیا ہے

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) پاکستان کی افغان سرحد پر انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیوں میں 29 خارجی جہنم واصل ہو گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن ''غضب للحق'' کے تحت کامیاب کارروائیاں کی گئیں، باجوڑ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا، مرنے والے دہشت گردوں میں ہائی ویلیو کمانڈر خان فروش عرف زبل اور بھارتی پراکسی جماعت الاحرار کے 3 دیگر دہشت گرد شامل ہیں۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے جماعت الاحرار اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف پکتیا، پکتیکا اور کنڑ میں کامیاب کارروائیاں کی گئیں جن میں 3 دہشت گرد مراکز تباہ ہو گئے جبکہ 25 خوارج ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے، کارروائیوں میں دہشت گردوں کے اسلحہ اور بارود کے ذخائر کو تباہ کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق خیبر پختونخوا، بلوچستان اور کراچی کے حملوں کا بھرپور جواب (بقیہ نمبر 11)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت اہم اجلاس

وزیر اعلیٰ مریم نواز نے سول سیکرٹریٹ میں پیرا کی کارکردگی، ڈیجیٹلائزیشن اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ لیا

ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی قرار دے کر عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے Ask PERA پورٹل فعال بنانے ہدایت

لاہور: (نیوز ڈیسک) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں پنجاب انفورمیشن ریگولیٹری اتھارٹی کی کارکردگی سے متعلق اہم اجلاس ہوا، جس میں پیرا کی کارکردگی، ڈیجیٹلائزیشن، قانونی فریم ورک اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ ہوئی۔ وزیر اعلیٰ نے پیرا فورس کی تمام کارروائیوں کی نگرانی کے لیے ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی قرار دیتے ہوئے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے ''Ask PERA'' پورٹل کو مزید فعال بنانے اور ڈی (بقیہ نمبر 12)

سندھ ہائی کورٹ کا کسٹمز مقدمہ کالعدم قرار

ضبط شدہ ڈیزل، آئل ٹینکرز اور سیل املاک مالکان کے حوالے کرنے کا حکم

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ نے کسٹمز حکام کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات سے منسلک نجی کمپنیوں کے خلاف کی گئی کارروائیوں سے متعلق اہم فیصلہ سناتے ہوئے کسٹمز اینٹی اسمگلنگ آرگنائزیشن کا مقدمہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے ضبط شدہ ڈیزل، آئل (بقیہ نمبر 28)

تحریک تحفظ آئین کا وفد کشمیر جانے سے روک دیا گیا

کہوٹہ کے مقام پر پولیس کارروائی، محمود خان اچکزئی اور دیگر رہنماؤں کا دھرنا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے وفد کو راولا کوٹ جانے سے روک دیا گیا، جہاں چکیاں کے مقام پر دھرنا دے دیا گیا ہے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اعلیٰ سطحی وفد قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی کی سربراہی (بقیہ نمبر 27)

پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ کا فارمیٹ تبدیل کرنے کا حکم

لاہور ہائیکورٹ کی آئی جی پنجاب کو ہدایت، بے گناہ کا ریکارڈ درست کیا جائے

لاہور: (محمد اشفاق) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی حکم کے باوجود پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ میں مطلوبہ ترمیم نہ کرنے کے معاملے پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پنجاب کو فوری طور پر کریکٹر سرٹیفکیٹ کے فارمیٹس تبد (بقیہ نمبر 26)

کراچی رینجرز کیمپ حملہ، افغان ناظم الامور طلب

افغان سرزمین کے استعمال اور شہریوں کے ملوث ہونے پر شدید احتجاج ریکارڈ کرایا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان نے کراچی میں ہونے والے دہشتگرد حملے میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کے شواہد سامنے آنے کے بعد افغان طالبان حکومت کے سامنے شدید احتجاج ریکارڈ کراتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف دہشت گرد کا (بقیہ نمبر 25)

ایرانی صدر کا منجمد فنڈز جلد ملنے کا اعلان

قطر سے چھے ارب ڈالر واپس ملیں گے، مسعود پزشکیان کی قم میں اہم بریفنگ

قم: (نیوز ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے ایک بڑا اعلان کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ان کے ملک کو قطر میں منجمد کیے گئے بارہ ارب ڈالرز کے فنڈز میں سے 6 ارب ڈالر کی رقم بہت جلد واپس مل جائے گی۔ انہوں نے یہ (بقیہ نمبر 24)

نواب شاہ: مبینہ مقابلہ، ہیڈ کانسٹیبل کا قاتل ہلاک

سنگین مقدمات میں مطلوب اعجاز چانڈیو مارا گیا، تین ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر فرار

نواب شاہ (نیوز ڈیسک) بی سیکشن پولیس تھانے کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک مطلوب ملزم ہلاک جبکہ اس کے تین ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت اعجاز چانڈیو کے نام سے ہوئی ہے جو پو (بقیہ نمبر 23)

پنجاب میں دفعہ ایک سو چوالیس نافذ، ڈرون پر پابندی

سکیورٹی خدشات کے پیش نظر آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر تیس دن کی توسیع کر دی گئی

لاہور: (نیوز ڈیسک) پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع کر دی گئی، صوبہ بھر میں کھلی فضا میں ڈرون اُڑانے پر مکمل پابندی برقرار ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے دفعہ 144 کے تحت آؤٹ ڈور ڈرون اڑانے پر عائد پابندی میں 30 روز کی توسیع کر دی۔ حکومت پنجاب نے (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں یونین کونسلز کی حد بندی کا نیا شیڈول جاری

الیکشن کمیشن کے مطابق حتمی فہرست سترہ اگست کو شائع کی جائے گی

اسلام آباد: (نیوز ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں یونین کونسلز کی حد بندی کا نظر ثانی شدہ شیڈول جاری کر دیا۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق 4 جولائی تک حد بندی پر اعتراضات دائر کیے جا سکیں گے، یونین کونسلز حلقہ بندی اعتراضات پر فیصلہ 29 جولائی تک کیا جائے گا۔ پنجاب یونین کونسلز حلقہ بندی کمیٹیوں کو فیصلوں سے آگاہ کرنے کی (بقیہ نمبر 21)

پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کا استعمال کسی صورت برداشت نہیں ہوگا

مرتضیٰ سولنگی نے کہا افغان حکومت دہشتگردوں کی سرپرستی کر کے بھارت اور اسرائیل کو خوش کر رہی ہے

سابق نگراں وزیر اطلاعات نے افغان طالبان پر پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام عائد کیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ افغان حکومت دہشتگردوں کی سرپرستی کر کے بھارت اور اسرائیل کو خوش کر رہی ہے۔ سابق نگراں وفاقی وزیر اطلاعات اور صدر مملکت کے ترجمان مرتضیٰ سولنگی نے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ کی دہشت گردی سے متعلق ایکس پوسٹ کو ری شیئر کرتے ہوئے افغان طالبان پر سخت تنقید کی ہے۔ مرتضیٰ سولنگی نے اپنی پوسٹ میں کہا کہ غیر قانونی افغان طالبان حکومت اپنی سرزمین سے دہشت گردوں کو پاکستان کے بے گناہ شہریوں اور بہادر سیکیورٹی اہلکار (بقیہ نمبر 29)

راولپنڈی: تیرہ سالہ بچے سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) 13 سالہ بچے کو بہلا پھسلا کر زیادتی کرنے والا شخص گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق راولپنڈی کے علاقے نیو ٹاؤن کی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 13 سالہ بچے کے ساتھ زیادتی کرنے والے شخص کو حراست میں لے لیا۔ مقدمے (بقیہ نمبر 30)

آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملوں کے بعد تجارتی سرگرمیاں سست ہو گئیں

تہران (نیوز ڈیسک) آبنائے ہرمز سے گزرنے والی تجارتی بحری آمد و رفت میں دو بحری جہازوں پر حالیہ حملوں کے بعد نمایاں سست روی دیکھی جا رہی ہے، جس سے دنیا کی اہم ترین توانائی گزرگاہوں میں سے ایک کی سلامتی کے حوالے سے خدشات مزید بڑھ گئے (بقیہ نمبر 31)

کراچی: نجی کلینک میں ڈاکوؤں کی لوٹ مار، ڈاکٹر کی فائرنگ سے ایک زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد میں سپر ہائی وے ہنگورا گوٹھ میں ڈاکوؤں نے نجی کلینک میں مریضوں اور کلینک کے عملے سے موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا، کلینک کے ڈاکٹر نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جبکہ دیگر ڈاکو فرار ہونے میں (بقیہ نمبر 32)

یورپ گرمی سے جھلس گیا، 1300 اموات

یورپ میں شدید گرمی کی لہر سے اب تک 1300 سے زائد اضافی اموات ریکارڈ کی گئی ہیں

فرانس میں بدھ سے اب تک تقریباً ایک ہزار اضافی اموات ریکارڈ کی گئی ہیں رپورٹ کے مطابق ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) یورپ بھر میں شدید گرمی کی لہر کے باعث 21 جون سے اب تک 1300 سے زائد اضافی اموات ریکارڈ کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق یورپ بھر میں شدید گرمی کی لہر کے باعث 21 جون سے اب تک 1300 سے زائد اضافی اموات ریکارڈ کی (بقیہ نمبر 33)

بلدیہ ٹاؤن: گاڑی کی ٹکر سے باپ بیٹا جاں بحق

مزدوری پر جانے والے دو افراد دم توڑ گئے، نوجوان کی اگلے ماہ شادی تھی

کراچی (نیوز ڈیسک) بلدیہ ٹاؤن اسپارکو روڈ قبرستان کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار باپ بیٹا موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیر کی (بقیہ نمبر 35)

ستیندر سونی کا فلم ساز پر سنگین الزامات کا ویڈیو بیان

نئی دہلی (نیوز ڈیسک) بھارتی اداکار ستیندر سونی نے فلم کی شوٹنگ کے دوران پیش آنے والے ایک مبینہ ناخوشگوار واقعے سے متعلق ویڈیو جاری کر کے فلم ساز پر سنگین الزامات عائد (بقیہ نمبر 36)

کراچی رینجرز کیمپ پر حملہ، افغان ناظم الامور کی سخت طلبی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) کراچی میں رینجرز (سندھ) کے کیمپ پر دہشت گرد حملے کے بعد پاکستان نے افغان طالبان حکومت کے سامنے باضابطہ اور سخت احتجاج ریکارڈ کرایا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اس سلسلے میں افغانستان کے ناظم الامور کو وزارت خارجہ طلب کیا گیا، جہاں گزشتہ رات انہیں کراچی حملے (بقیہ نمبر 34)

جنگ بندی نہ ہوتی تو شدید معاشی بحران جنم لیتا، احسن اقبال

وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ جنگ بندی نہ ہوتی تو عالمی معاشی بحران شدید صورت اختیار کر لیتا ہوتا

انہوں نے کہا کہ ماضی میں دہشت گردی توانائی بحران کے باوجود چار سال میں اہم ترقیاتی منصوبے شروع ہوئے

لاہور نیوز ڈیسک) ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اگر ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ جاری رہتی تو نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا میں شدید معاشی بحران جنم لیتا۔ ان کے مطابق پاکستان نے جنگ بندی میں اہم کردار ادا کر کے سفارتی محاذ پر بڑی کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی مؤثر حکمت عملی اور بہترین سفارتکاری کے نتیجے میں جنگ بندی ممکن ہوئی، جس سے عالمی معیشت کو بڑے نقصان سے بچایا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خطے میں امن ہی ترقی اور خوشحالی کی اصل ضمانت ہے۔ دفاعی (بقیہ نمبر 37)

وزیر اعلیٰ نے عالمی منڈی سے زیادہ فائدہ عوام کو دیا، وزیر پٹرولیم

حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے ایک سو تیس ارب روپے کی سبسڈی فراہم کی گئی ہے

وزیر پٹرولیم نے کہا آر ایل این جی کنکشن جلد کھولے جائیں گے اور ایران سے سستا تیل کیس غور

لاہور (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ گزشتہ ہفتے پیٹرول کی قیمت جتنی قیمت کم ہوئی اس سے بڑھ کر ریلیف دیا گیا بعض عناصر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے اور نہ ہی کسی کے دباؤ میں آ کر فیصلہ کریں گے، آر ایل این جی کنکشن جلد کھول دیے جائیں گے، ایران سے تیل اور گیس سستا خرید نے پر غور کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہا (بقیہ نمبر 18)

نواب شاہ میں مبینہ پولیس مقابلہ، ہیڈ کانسٹیبل کا قاتل ہلاک

نواب شاہ (نیوز ڈیسک) بی سیکشن پولیس تھانے کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران ایک مطلوب ملزم ہلاک جبکہ اس کے تین ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس ترجمان کے مطابق ہلاک ہونے والے ملزم کی شناخت اعجاز چانڈیو کے نام سے (بقیہ نمبر 13)

ہالا کے قریب راشد محمود سومرو کے قافلے کو حادثہ، دو افراد زخمی

ہالا (نیوز ڈیسک) سیکھاٹ کے مقام پر قومی شاہراہ پر علامہ راشد محمود سومرو کے قافلے میں شامل ایک گاڑی حادثے کا شکار ہو گئی جس کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ اس وقت پیش آیا جب قافلہ بھٹ شاہ سے کراچی کی جانب رواں (بقیہ نمبر 14)

لیاری میں نیا آباد گراؤنڈ کے قریب فائرنگ، نوجوان زخمی

کراچی (نیوز ڈیسک) شہر قائد کے علاقے لیاری میں نیا آباد گراؤنڈ کے قریب فائرنگ کے واقعے میں ایک نوجوان زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے بعد زخمی شخص کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا جہاں اس کی شناخت 23 سالہ عمران کے (بقیہ نمبر 15)

سعودی وزیر خارجہ کا دو روزہ دورہ چین مقرر

امریکا ایران کشیدگی اور مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر اہم ملاقاتیں متوقع ہیں

ریاض (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ کشیدگی اور مشرق وسطیٰ کی بدلتی ہوئی صورتحال کے تناظر میں سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان آل سعود اس ہفتے دو روزہ سرکاری دورے پر چین جائیں گے، جہاں وہ چینی وزیر خارجہ وانگ یی سمیت اعلیٰ (بقیہ نمبر 17)

امریکا اور ایران میں فوجی کارروائیاں روکنے پر اہم اتفاق

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران نے ایک دوسرے کے خلاف فوجی کارروائیاں روکنے پر اتفاق کر لیا ہے جبکہ دونوں ممالک کے درمیان آبنائے ہرمز سے متعلق تنازع کے حل کے لیے کل قطر کے دارالحکومت دوحا میں اہم مذاکرات ہونے کا امکان ہے۔ امریکی (بقیہ نمبر 16)

امریکا اور ایران میں فوجی کارروائیاں روکنے پر اہم اتفاق

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران نے ایک دوسرے کے خلاف فوجی کارروائیاں روکنے پر اتفاق کر لیا ہے جبکہ دونوں ممالک کے درمیان آبنائے ہرمز سے متعلق تنازع کے حل کے لیے کل قطر کے دارالحکومت دوحا میں اہم مذاکرات ہونے کا امکان ہے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق دونوں فریقوں نے فی الحال تمام فوجی حملے روکنے کا فیصلہ کیا ہے اور تجارتی جہازوں کی آبنائے ہرمز سے محفوظ آمد و رفت یقینی بنانے کے لیے تکنیکی مذاکرات جاری رکھے (بقیہ نمبر 20)

میئر کراچی نے بجٹ ترجیحات کا اعلان کر دیا

شہری مسائل، انفراسٹرکچر اور سڑکوں کی تعمیر کو اولین ترجیح دی گئی ہے

کراچی: (نیوز ڈیسک) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ بجٹ میں شہری مسائل کے حل کو ترجیح دی گئی ہے۔ میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کونسل ہال میں خس طاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں انفراسٹرکچر، سڑکوں، پلوں اور فلائی اوورز کی تعمیر و بحالی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا ہمیشہ کوشش کی دستیاب وسائل میں شہر کی بہترین خدمت کی جا سکے، شہر کے بارے میں تاثر دیا جاتا ہے یہاں کام نہیں ہوتا، شہر بھر میں (بقیہ نمبر 19)

پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول بطور کالم نگار



معروف محقق، نقاد، مبصر و تجزیہ کار سید محمد اصغر کاظمی دنیائے ادب میں اپنی علمی و ادبی خدمات کی بنا پر منفرد مقام رکھتے ہیں۔ کاظمی صاحب بلاشبہ حسرت شناسی کا معتبر حوالہ ہیں۔ راقم کی "ہم سخن ساز" کے حوالے سے کالم نگاری پر سید محمد اصغر کاظمی نے اپنا وقیع اور پرتاثیر تبصرہ حرف اول کے قارئین کے لیے پیش کیا ہے، جسے راقم کاظمی صاحب کے خصوصی شکریہ کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے، ملاحظہ فرمائیں:

اردو کالم نگاری کی دنیا میں بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کا قلم محض حالاتِ حاضرہ کا ترجمان نہیں بنتا بلکہ فکر و دانش، تہذیب و ثقافت اور علم و آگہی کا ایسا سرچشمہ بن جاتا ہے جس سے قاری کی ذہنی و فکری تشنگی سیراب ہوتی ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کا شمار انہی ممتاز اور صاحبِ بصیرت قلم کاروں میں ہوتا ہے جنہوں نے اپنی علمی وجاہت، فکری گہرائی، ادبی بصیرت اور وسیع المطالعگی کے بل بوتے پر کالم نگاری کو ایک منفرد وقار عطا کیا ہے۔ ان کی تحریریں محض الفاظ کی ترتیب نہیں بلکہ شعور و آگہی کی ایسی تابندہ کرنیں ہیں جو قاری کے ذہن و دل کو بیک وقت منور کرتی ہیں۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول جب کسی موضوع پر قلم اٹھاتے ہیں تو اس سے قبل اس کے تمام ظاہری اور باطنی پہلوؤں کا نہایت عمیق مطالعہ کرتے ہیں۔ ان کی فکری دیانت کا تقاضا یہ ہے کہ وہ کسی بھی مسئلے پر جلد بازی یا سطحی مشاہدے کی بنیاد پر اظہارِ خیال نہیں کرتے بلکہ موضوع کے تاریخی پس منظر، تہذیبی جہات، سماجی اثرات، فکری مضمرات اور نفسیاتی محرکات کا باریک بینی سے جائزہ لیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ان کے کالم وقتی ردِ عمل کا اظہار نہیں بلکہ سنجیدہ فکری مکالمے کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں۔ ان کی تحریروں میں استدلال کی مضبوطی، فکر کی پختگی اور تجزیے کی گہرائی قاری کو اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ ان کی ادبی بصیرت ان کی شخصیت کا وہ درخشاں پہلو ہے جو ان کی کالم نگاری کو ایک خاص امتیاز عطا کرتا ہے۔ وہ ادب کو محض الفاظ کی آرائش یا جذبات کے اظہار کا وسیلہ نہیں سمجھتے بلکہ انسانی شعور کی تعمیر، تہذیبی اقدار کے استحکام اور فکری ارتقا کا مؤثر ذریعہ تصور کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کے کالموں میں ادب، فلسفہ، تاریخ، سماجیات اور اخلاقیات کے عناصر ایک دل آویز ہم آہنگی کے ساتھ جلوہ گر نظر آتے ہیں۔ ان کے ہاں علم اور ادب کا ایسا حسین امتزاج دکھائی دیتا ہے جو قاری کو بیک وقت لطفِ مطالعہ بھی عطا کرتا ہے اور فکری غذا بھی فراہم کرتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کی تحریروں کا ایک اہم وصف ان کی غیر معمولی ادبی لطافت اور فکری تہہ داری ہے۔ وہ الفاظ کو محض استعمال نہیں کرتے بلکہ ان سے معانی کے نئے جہان آباد کرتے ہیں۔ ان کی نثر میں شائستگی کا وقار، تہذیب کی لطافت، فکر کی رفعت اور اظہار کی دلکشی اس انداز سے یکجا ہو جاتی ہے کہ قاری خود کو ایک ایسے ادبی ماحول میں محسوس کرتا ہے جہاں زبان اپنی تمام تر جمالیاتی توانائیوں کے ساتھ جلوہ افروز ہوتی ہے۔ ان کے جملے محض معلومات منتقل نہیں کرتے بلکہ احساس و ادراک کی نئی راہیں بھی وا کرتے ہیں۔ کتابوں پر ان کے تبصرے اور تنقیدی مضامین بھی ان کے عمیق مطالعے اور غیر معمولی ادبی شعور کے مظہر ہیں۔ وہ کسی تصنیف کا جائزہ لیتے ہیں تو صرف اس کے ظاہری محاسن تک محدود نہیں رہتے بلکہ متن کے فکری اور جمالیاتی ابعاد کو بھی نہایت باریک بینی سے آشکار کرتے ہیں۔ ان کی تنقیدی نگاہ مصنف کے تخلیقی محرکات، اسلوبیاتی خصوصیات اور فکری جہات تک رسائی حاصل کر لیتی ہے۔ یوں ان کے تبصرے محض تعارفی نوٹ نہیں رہتے بلکہ ادب فہمی اور ادب شناسی کا ایک معتبر نمونہ بن جاتے ہیں۔ ان کے تجزیوں میں اعتدال، دیانت اور علمی وقار نمایاں طور پر دکھائی دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ ان کی آرا کو ادبی حلقوں میں احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ان کا اندازِ گفتگو بھی ان کی تحریروں کی طرح دل نشین، شائستہ اور اثر آفریں ہے۔ وہ جب کسی علمی یا ادبی نشست میں اظہارِ خیال کرتے ہیں تو ان کے الفاظ میں مطالعے کی وسعت، تجربے کی پختگی اور تہذیبی شعور کی خوشبو محسوس ہوتی ہے۔ ان کی گفتگو میں نہ خطیبانہ شور ہے اور نہ علم کی نمائش؛ بلکہ ایک سلجھے ہوئے دانشور کی متوازن فکر اور ایک باوقار ادیب کی شائستگی جلوہ گر ہوتی ہے۔ ان کی مجلس میں ادب محض موضوعِ گفتگو نہیں رہتا بلکہ ایک زندہ تجربہ بن جاتا ہے جو سامع کے ذہن پر دیرپا نقوش ثبت کر دیتا ہے۔ ڈاکٹر محمد نواز کنول کی کالم نگاری کی ایک اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تعصب، تنگ نظری اور فکری جمود کا شائبہ تک نہیں ملتا۔ وہ اختلاف کو اختلاف ہی کی حدود میں رکھتے ہیں اور ہر مسئلے کو وسعتِ قلب اور کشادہ نظری کے ساتھ دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کے ہاں دلیل کی قوت جذبات کے غلبے پر حاوی نظر آتی ہے اور فکری توازن ہر مقام پر برقرار رہتا ہے۔ یہی اعتدال اور وسعتِ نظر ان کے کالموں کو ایک خاص وقار عطا کرتی ہے۔ ان کے قلم کی جولانی کا سب سے بڑا اعجاز یہ ہے کہ وہ قاری کو محض واقعات سے آگاہ نہیں کرتے بلکہ اسے غور و فکر، تدبر و تعقل اور خود احتسابی کی دعوت بھی دیتے ہیں۔ ان کی تحریریں شعور کی آبیاری کرتی ہیں، فکر کو جلا بخشتی ہیں اور انسانی اقدار کے احترام کا درس دیتی ہیں۔ ان کے کالموں میں علمی سنجیدگی، ادبی شگفتگی، فکری متانت، اخلاقی بالیدگی اور تہذیبی شعور اس حسنِ امتزاج کے ساتھ موجود ہیں کہ قاری ایک ہی وقت میں علم کی روشنی، ادب کی لطافت اور فکر کی گہرائی سے فیض یاب ہوتا ہے۔ عصرِ حاضر میں جب کالم نگاری کا ایک بڑا حصہ عجلت پسندی، سطحیت اور جذباتی ہیجان کا شکار دکھائی دیتا ہے، پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کا قلم سنجیدہ فکر، علمی دیانت، ادبی وقار اور تہذیبی شائستگی کی ایک روشن علامت کے طور پر سامنے آتا ہے۔ ان کی تحریریں نہ صرف اپنے عہد کی فکری دستاویزات ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے علم و ادب، شعور و آگہی اور تہذیبی بصیرت کا قیمتی سرمایہ بھی ہیں۔ بلاشبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول ان معدودے چند کالم نگاروں میں شامل ہیں جنہوں نے قلم کو محض اظہار کا ذریعہ نہیں بنایا بلکہ اسے علم، فکر، ادب اور انسان دوستی کے فروغ کا ایک مؤثر وسیلہ بنا کر اردو کالم نگاری کی روایت میں اپنا ایک منفرد اور قابلِ احترام مقام مستحکم کیا ہے۔

سفارت کاری کے سرخ قالین اور عالمی سیاست کے کانٹے

رائے شماری

پروفیسر رائے غلام رسول نیم کمرل
03041648400
ghulamrasoolfaheem62@gmail.com

کبھی زمانہ تھا جب عالمی سیاست میں جنگی جہازوں کی گھن گرج اور میزائلوں کی دھمک طاقت کا اظہار سمجھی جاتی تھی، مگر آج ایک سفارتی استقبال، ایک سرخ قالین اور چند جملوں پر مشتمل سوشل میڈیا پوسٹ بھی بین الاقوامی تعلقات میں ہلچل مچا دیتی ہے۔ جنوبی افریقہ میں ایرانی وزیر کے استقبال پر امریکی اعتراض اور اس کے جواب میں چین و ایران کا ردِ عمل محض سفارتی نوک جھونک نہیں بلکہ اس بدلتی ہوئی دنیا کی کہانی ہے جہاں اب چھوٹے اور درمیانے درجے کے ممالک بڑی طاقتوں کی مرضی کے مطابق نہیں بلکہ اپنے قومی مفادات کے مطابق راستے چننے لگے ہیں۔ یہی تبدیلی عالمی سیاست کے ایوانوں میں بے چینی پیدا کر رہی ہے اور یہی اس تنازعے کی اصل بنیاد بھی ہے۔ امریکہ نے جنوبی افریقہ کی حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے یہ سوال اٹھایا کہ پریٹوریا آخر کن قوتوں کے ساتھ کھڑا ہونا چاہتا ہے۔ امریکی سفارت خانے کی جانب سے سوشل میڈیا پر دیا گیا بیان دراصل واشنگٹن کی اس بڑھتی ہوئی تشویش کی عکاسی کرتا ہے کہ دنیا کے کئی ممالک اب مغربی اثر و رسوخ کے دائرے سے نکل کر چین، روس اور ایران جیسے ممالک کے ساتھ بھی تعلقات کو وسعت دے رہے ہیں۔ امریکی پالیسی سازوں کے نزدیک یہ رجحان صرف سفارتی تعلقات کا معاملہ نہیں بلکہ عالمی طاقت کے توازن میں تبدیلی کا اشارہ ہے۔ چین کا ردِ عمل نہایت محتاط مگر معنی خیز تھا۔ جنوبی افریقہ میں چین کے سفیر وو پینگ نے واضح کیا کہ بیجنگ دوسرے ممالک کے باہمی تعلقات پر تبصرہ نہیں کرتا اور اسی احترام کی توقع رکھتا ہے۔ بظاہر یہ ایک سادہ سفارتی جواب ہے، لیکن اس کے اندر ایک واضح پیغام پوشیدہ ہے۔ چین گزشتہ دو دہائیوں سے خود کو ایک ایسے شراکت دار کے طور پر پیش کر رہا ہے جو دوسرے ممالک کے داخلی اور خارجی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا۔ یہی وہ پالیسی ہے جس نے افریقہ، ایشیا اور لاطینی امریکہ کے متعدد ممالک کو چین کے قریب کیا ہے۔ اگرچہ ناقدین اسے محض ایک سفارتی نعرہ قرار دیتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ بہت سے ترقی پذیر ممالک مغربی دباؤ کے مقابلے میں اس رویے کو زیادہ قابل قبول سمجھتے ہیں۔ ایران کا ردِ عمل بھی کم دلچسپ نہیں تھا۔ ایرانی سفارت خانے نے مختصر مگر معنی خیز انداز میں چینی مؤقف کی تائید کرتے ہوئے "ویل سیڈ" یعنی درست کہا" کے الفاظ استعمال کیے۔ یہ مختصر جملہ دراصل ایک وسیع تر سفارتی صف بندی کی علامت ہے۔ ایران، جو برسوں سے امریکی پابندیوں اور دباؤ کا سامنا کر رہا ہے، عالمی سطح پر ایسے شراکت داروں کی تلاش میں ہے جو امریکی پالیسیوں سے اختلاف رکھتے ہوں یا کم از کم ان سے مکمل طور پر متفق نہ ہوں۔ اس پورے معاملے کا ایک اہم پہلو جنوبی افریقہ کی حیثیت بھی ہے۔ جنوبی افریقہ محض ایک افریقی ملک نہیں بلکہ برکس (BRICS) کا اہم رکن ہے۔ برکس کی توسیع اور اس کے بڑھتے ہوئے اثر و رسوخ نے مغربی دنیا خصوصاً امریکہ کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا ہے کہ آیا مستقبل میں عالمی معیشت اور سیاست صرف مغربی اداروں کے گرد ہی گھومتی رہے گی یا نہیں۔ جنوبی افریقہ کی خارجہ پالیسی گزشتہ چند برسوں میں نسبتاً آزادانہ رہی ہے۔ اس نے چین کے ساتھ معاشی تعاون کو فروغ دیا، روس کے ساتھ بھی روابط برقرار رکھے اور ایران کے ساتھ تعلقات میں بھی گرمجوشی دکھائی۔ یہی عوامل واشنگٹن کی بے چینی میں اضافہ کرتے ہیں۔ تنقیدی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو امریکہ کے بیان میں ایک بنیادی تضاد بھی موجود ہے۔ امریکہ خود دنیا بھر میں ممالک کے ساتھ اپنے تعلقات کو قومی مفاد کا حصہ قرار دیتا ہے، لیکن جب کوئی دوسرا ملک اپنی ترجیحات کے مطابق سفارتی فیصلے کرتا ہے تو اس پر سوالات اٹھائے جاتے ہیں۔ یہ رویہ عالمی سیاست میں دوہرے معیار کے تاثر کو تقویت دیتا ہے۔ اگر خود مختاری بین الاقوامی نظام کا بنیادی اصول ہے تو پھر ہر ملک کو یہ حق حاصل ہونا چاہیے کہ وہ اپنی خارجہ پالیسی اپنے مفادات کے مطابق ترتیب دے۔ تاہم دوسری جانب جنوبی افریقہ، ایران اور چین کے حامیوں کو بھی یہ حقیقت نظر انداز نہیں کرنی چاہیے کہ بین الاقوامی تعلقات محض اصولوں پر نہیں بلکہ مفادات پر استوار ہوتے ہیں۔ چین کی افریقہ میں سرمایہ کاری، ایران کی سفارتی سرگرمیاں اور روس و چین کی برکس کے ذریعے سرگرمیاں بھی اپنے اپنے قومی اور تزویراتی مفادات سے جڑی ہوئی ہیں۔ اس لیے یہ تصور کرنا کہ ایک فریق مکمل طور پر اصول پسند اور دوسرا مکمل طور پر مفاد پرست ہے، حقیقت سے دور ہوگا۔ افریقہ آج عالمی طاقتوں کی نئی کشمکش کا اہم میدان بنتا جا رہا ہے۔ ایک طرف امریکہ اور یورپی ممالک اپنے اثر و رسوخ کو برقرار رکھنا چاہتے ہیں، دوسری طرف چین سرمایہ کاری، تجارت اور بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے ذریعے اپنی موجودگی مضبوط کر رہا ہے۔ ایران بھی سیاسی اور سفارتی سطح پر اپنے روابط کو وسعت دینے کی کوشش کر رہا ہے۔ ایسے میں جنوبی افریقہ جیسے ممالک کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے کیونکہ وہ صرف علاقائی طاقت ہی نہیں بلکہ عالمی سفارتی بساط کے اہم مہرے بھی بن چکے ہیں۔ یہ واقعہ اس حقیقت کو بھی نمایاں کرتا ہے کہ موجودہ دنیا سرد جنگ کے دور جیسی نہیں رہی۔ اب ممالک کو صرف ایک کیمپ کا حصہ بن کر رہنے کی ضرورت نہیں۔ بہت سی ریاستیں ملٹی الائنمنٹ" یعنی بیک وقت مختلف طاقتوں کے ساتھ تعلقات رکھنے کی حکمت عملی اختیار کر رہی ہیں۔ بھارت، سعودی عرب، ترکی، برازیل اور جنوبی افریقہ سمیت کئی ممالک اسی پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ وہ امریکہ کے ساتھ بھی تعلقات رکھتے ہیں اور چین، روس یا ایران کے ساتھ بھی روابط قائم رکھتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ عالمی سیاست میں اصل سوال یہ نہیں کہ جنوبی افریقہ کس کے ساتھ کھڑا ہے، بلکہ یہ ہے کہ کیا اکیسویں صدی کی دنیا میں کسی ملک کو صرف ایک طاقت کے ساتھ کھڑے ہونے پر مجبور کیا جا سکتا ہے؟ بدلتے ہوئے عالمی حالات اس سوال کا جواب نفی میں دیتے ہیں۔ آج کے دور میں طاقت صرف عسکری قوت کا نام نہیں بلکہ معاشی روابط، تجارتی شراکت داری، سفارتی لچک اور علاقائی اثر و رسوخ بھی اس کا حصہ ہیں۔ جنوبی افریقہ، چین، ایران اور امریکہ کے درمیان حالیہ سفارتی تنازع دراصل ایک بڑے عالمی منظرنامے کا چھوٹا سا عکس ہے۔ یہ واقعہ بتاتا ہے کہ دنیا تیزی سے یک قطبی نظام سے نکل کر ایک ایسے دور میں داخل ہو رہی ہے جہاں کئی طاقتیں بیک وقت اثر انداز ہوں گی۔ ایسے ماحول میں دباؤ کی سیاست شاید پہلے جیسی مؤثر نہ رہے، جبکہ باہمی احترام، برابری اور خودمختاری کے اصول عالمی تعلقات کی نئی ضرورت بنتے جا رہے ہیں۔ سوال یہ نہیں کہ سرخ قالین کس کے لیے بچھایا گیا، اصل سوال یہ ہے کہ مستقبل کی دنیا میں سفارتی راستوں کا تعین کون کرے گا: طاقت یا خودمختاری؟ یہی وہ بحث ہے جو آنے والے برسوں میں عالمی سیاست کا مرکزی موضوع بن سکتی ہے۔

بھارتی لونگووال

تحریروں کی نگری

میاں کلیم جہانگیر
kaleemjahangir01@gmail.com

پنجاب کی سرزمین ہمیشہ سے اپنے زرخیز کھیتوں، محنتی لوگوں اور قدیم دیہی تہذیب کی وجہ سے پہچانی جاتی رہی ہے۔ ضلع گرداسپور کی تحصیل بٹالہ میں واقع لونگووال بھی انہی بستیوں میں سے ایک ہے جو اپنے حجم کے اعتبار سے اگرچہ ایک نسبتاً چھوٹا گاؤں ہے، لیکن اپنے اندر پنجاب کی دیہی زندگی کی پوری تصویر سموئے ہوئے ہے۔ بٹالہ شہر سے چند کلومیٹر کے فاصلے پر واقع یہ گاؤں جدید دور کی تبدیلیوں اور روایتی دیہی اقدار کے درمیان ایک خوبصورت توازن کی مثال پیش کرتا ہے۔ جب کسی مسافر کی نظر پہلی بار لونگووال کے کھیتوں، درختوں اور کچی پکی گلیوں پر پڑتی ہے تو اسے محسوس ہوتا ہے کہ پنجاب کی اصل روح ابھی تک دیہات میں زندہ ہے۔ یہاں کی صبح سورج کی پہلی کرن کے ساتھ جاگتی ہے۔ کسان اپنے کھیتوں کا رخ کرتے ہیں، مویشیوں کی دیکھ بھال ہوتی ہے اور گھروں کے صحنوں میں روزمرہ زندگی کا آغاز ہو جاتا ہے۔ گندم، دھان اور دیگر فصلیں یہاں کی معیشت کی بنیاد ہیں اور زیادہ تر خاندانوں کا روزگار براہ راست یا بالواسطہ زراعت سے وابستہ ہے۔ لونگووال کی ایک اہم خصوصیت اس کا جغرافیائی محل وقوع ہے۔ بٹالہ شہر کی قربت نے اس گاؤں کو شہری سہولتوں سے نسبتاً علاقوں کو تعلیمی سہولتوں کی کمی کا سامنا تھا، لیکن آج والدین اپنے بچوں کو تعلیم دلانے کے لیے پہلے سے زیادہ سنجیدہ ہیں۔ نوجوان نسل اعلیٰ تعلیم اور بہتر روزگار کے خواب دیکھ رہی ہے۔ بہت سے خاندانوں کے افراد بیرونِ ملک بھی مقیم ہیں جن کی کامیابیاں گاؤں کے دوسرے نوجوانوں کے لیے تحریک کا باعث بنتی ہیں۔ لونگووال کی ثقافتی زندگی پنجاب کی روایات سے بھرپور ہے۔ بیساکھی، لوہڑی اور دیگر تہوار پورے جوش و خروش سے منائے جاتے ہیں۔ شادی بیاہ کی تقریبات میں روایتی پنجابی موسیقی، لوک گیت اور مہمان نوازی کی جھلک نمایاں ہوتی ہے۔ بزرگ آج بھی پرانی روایات اور قصے کہانیوں کو زندہ رکھے ہوئے ہیں جبکہ نوجوان جدید دور کے تقاضوں کے مطابق آگے بڑھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دیہی علاقوں کو درپیش مسائل لونگووال میں بھی موجود ہیں۔ زراعت کی بڑھتی لاگت، پانی کے وسائل پر دباؤ، نوجوانوں کی روزگار کے لیے ہجرت اور جدید انفراسٹرکچر کی ضرورت ایسے چیلنجز ہیں جن کا سامنا گاؤں کے لوگ کر رہے ہیں۔ اس کے باوجود یہاں کے باشندوں میں امید اور محنت کا جذبہ موجود ہے۔ وہ جانتے ہیں کہ ترقی کا راستہ مسلسل جدوجہد اور تعلیم سے ہو کر گزرتا ہے۔ آج جب دنیا تیزی سے شہری زندگی کی طرف بڑھ رہی ہے، ایسے میں لونگووال جیسے گاؤں ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ قوموں کی اصل بنیاد ان کے دیہی علاقے ہوتے ہیں۔ یہیں سے خوراک پیدا ہوتی ہے، یہیں سے محنت اور خودداری کے سبق ملتے ہیں اور یہیں سے ثقافتی شناخت کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔ لونگووال صرف ایک جغرافیائی مقام نہیں بلکہ پنجاب کی دیہی روح کا ایک زندہ استعارہ ہے۔ اس گاؤں کی خاموش گلیاں، سرسبز کھیت، سادہ مزاج لوگ اور ترقی کی خواہش ایک ایسی داستان سناتے ہیں جو پورے خطے کی مشترکہ کہانی ہے۔ اگر مناسب توجہ، بہتر تعلیمی مواقع اور جدید سہولتیں فراہم کی جائیں تو لونگووال آنے والے برسوں میں نہ صرف ایک ترقی یافتہ گاؤں بن سکتا ہے بلکہ دیہی پنجاب کے روشن مستقبل کی ایک مثال بھی ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کالم میں لونگووال، تحصیل بٹالہ، ضلع گرداسپور کے محلِ وقوع، آبادی اور انتظامی معلومات دستیاب مردم شماری و دیہی ریکارڈز کی بنیاد پر شامل کی گئی ہیں۔

نورِ مبین



میڈیا کی ذمہ داری اور مذہبی مقدسات کا احترام قرآن و حدیث کی روشنی میں ایک اصلاحی اور تحقیقی مضمون: خواجہ محمد طیب مبین معصومی نقشبندی مجددی سجادہ نشین مصطفیٰ آباد شریف

اسلام ایک ایسا دین ہے جو عقائد، شعائر اور مقدس ہستیوں کے احترام کو ایمان کا حصہ قرار دیتا ہے۔ مسلمانوں کے دلوں میں انبیائے کرام علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار، صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور دین کے تمام شعائر کے لیے بے پناہ محبت اور عقیدت پائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب بھی کسی میڈیا ادارے، فرد یا تنظیم کی طرف سے مذہبی معاملات میں بے احتیاطی، غیر ذمہ داری یا ایسے مناظر نشر کیے جاتے ہیں جو مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کریں تو پوری امت میں غم و غصہ اور بے چینی پیدا ہو جاتی ہے۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: ترجمہ: "جو اللہ کی نشانیوں اور شعائر کی تعظیم کرے تو یہ دلوں کے تقویٰ میں سے ہے۔" یہ آیت واضح کرتی ہے کہ دینی شعائر اور مقدسات کا احترام محض ایک اخلاقی تقاضا نہیں بلکہ ایمان اور تقویٰ کی علامت ہے۔ لہٰذا جو ادارے عوام تک معلومات اور نظریات پہنچانے کی ذمہ داری رکھتے ہیں، ان پر لازم ہے کہ وہ مذہبی معاملات میں انتہائی احتیاط، تحقیق اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔ قرآنِ کریم کا ایک بنیادی اصول یہ بھی ہے: ترجمہ: "اے ایمان والو! اگر تمہارے پاس کوئی خبر لانے والا آئے تو اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو۔" اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ خبر رسانی، معلومات کی اشاعت اور حساس معاملات کی پیش کش میں تحقیق اور احتیاط لازم ہے۔ میڈیا کی طرف سے ایسی چیزوں کی نشر و اشاعت جو مذہبی حساسیت رکھتی ہوں، ان کے بارے میں مزید ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ان کی شرعی اور اخلاقی جانچ کی جائے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (صحیح بخاری) ترجمہ: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" جب ایک فرد کو دوسروں کے جذبات مجروح کرنے سے منع کیا گیا ہے تو وہ ادارے جو کروڑوں لوگوں تک رسائی رکھتے ہیں، ان پر یہ حکم بدرجۂ اولیٰ لاگو ہوتا ہے۔ اسی طرح نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ترجمہ: "تم میں سے ہر شخص نگہبان ہے اور ہر ایک سے اس کی رعیت کے بارے میں سوال کیا جائے گا۔" میڈیا کے مالکان، منتظمین، پروڈیوسرز، اینکرز اور متعلقہ ذمہ داران سب اپنی اپنی ذمہ داری کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حضور جواب دہ ہیں۔ اگر کسی پروگرام، منظر یا بیان سے امت کے جذبات مجروح ہوتے ہیں تو محض "غلطی ہوگئی" کہہ دینا کافی نہیں بلکہ اس پر سنجیدہ احتساب، معذرت اور آئندہ کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ ایک سنجیدہ تھیجیو نیوز کا یہ واقعہ صرف ایک چینل یا ایک پروگرام کی غلطی نہیں بلکہ پورے میڈیا، حکومتی اداروں اور معاشرے کے لیے ایک لمحۂ فکریہ ہے۔ جو لوگ قوم کی فکری اور دینی رہنمائی کا ذریعہ بنتے ہیں، ان کی ایک معمولی سی بے احتیاطی بھی لاکھوں مسلمانوں کے دلوں کو زخمی کر سکتی ہے۔ دنیا کی عدالتوں سے بچ جانا ممکن ہو سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ کی عدالت سے بچنا ممکن نہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ترجمہ: "انسان جو بات بھی زبان سے نکالتا ہے، اس کے پاس ایک نگہبان اسے لکھنے کے لیے موجود ہوتا ہے۔" جب ایک لفظ اور ایک جملہ اللہ تعالیٰ کے ہاں محفوظ ہو جاتا ہے تو پھر کروڑوں لوگوں تک نشر ہونے والے پروگراموں اور مناظر کی جواب دہی کتنی سخت ہوگی، اس کا اندازہ ہر صاحبِ ایمان کر سکتا ہے۔ میڈیا اور حکومتی اداروں کی ذمہ داریاں میڈیا اداروں کو سمجھ لینا چاہیے کہ اظہارِ رائے کی آزادی کا مطلب مذہبی حساسیت سے بے نیازی نہیں۔ ریٹنگ، شہرت اور تجارتی مفادات کبھی بھی دینی شعائر کے احترام سے زیادہ اہم نہیں ہو سکتے۔ جو ادارے عوام کی فکر اور نظریات پر اثر انداز ہوتے ہیں، ان پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ مذہبی موضوعات پر مستند علماء سے رہنمائی لیں اور کسی بھی ایسے مواد کی اشاعت سے گریز کریں جو فتنے، انتشار اور دل آزاری کا سبب بنے۔ اسی طرح حکومتی اداروں، پیمرا اور دیگر متعلقہ اداروں پر بھی یہ شرعی، اخلاقی اور آئینی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ایسے معاملات میں صرف وقتی کارروائی پر اکتفا نہ کریں بلکہ مستقل اور مؤثر پالیسی مرتب کریں، ماہرِ علماء پر مشتمل مشاورتی بورڈ قائم کریں اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے سخت نگرانی کا نظام نافذ کریں۔ تاہم اسلام ہمیں غصے اور جذبات میں بھی عدل و انصاف کا دامن ہاتھ سے چھوڑنے کی اجازت نہیں دیتا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ترجمہ: کسی قوم کی دشمنی تمہیں انصاف چھوڑنے پر آمادہ نہ کرے، انصاف کرو، یہی تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔" لہٰذا اگر کسی ادارے سے کوتاہی ہوئی ہے تو اس کی قانونی اور اخلاقی جواب دہی ضرور ہونی چاہیے، لیکن فیصلے جذبات کے بجائے حقائق، انصاف اور قانون کے مطابق ہونے چاہئیں۔ اختتامی پیغام سب کو یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ دین اور مقدسات کے احترام کے معاملے میں غفلت پورے معاشرے کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اگر آج ہم اپنی دینی حساسیت کی حفاظت نہ کریں تو آنے والی نسلیں اپنے مذہبی شعائر کے تقدس سے دور ہو سکتی ہیں۔ لہٰذا ہمارا مطالبہ انتقام نہیں بلکہ اصلاح، ذمہ داری اور احتیاط ہے۔ میڈیا اپنے منصب کی عظمت کو سمجھے، حکومتی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں اور پوری قوم اس بات کا عہد کرے کہ دینِ اسلام کے مقدسات اور شعائر کے احترام پر کبھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اپنے دین، اپنے شعائر اور اپنے مقدسات کا ادب و احترام کرنے، حق کو حق سمجھنے اور اپنی ذمہ داریوں کو دیانت داری کے ساتھ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ناقص منصوبہ بندی یا قومی خزانے کی بے رحمانہ لوٹ مار؟

صدا بصحرا

رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

پاکستان اس وقت تاریخ کے بدترین معاشی بحرانوں میں سے ایک سے گزر رہا ہے۔ مہنگائی، بے روزگاری، بجلی کے ہوشربا بل، ٹیکسوں کی بھرمار اور قرضوں کا بڑھتا ہوا بوجھ عام آدمی کی زندگی کو اجیرن بنا چکا ہے۔ ایسے میں آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی حالیہ رپورٹ نے قوم کے زخموں پر نمک چھڑکنے کا کام کیا ہے، اس رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دیامر بھاشا ڈیم، داسو اور نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹس میں ناقص منصوبہ بندی، تاخیر اور انتظامی نااہلی کے باعث قومی خزانے پر تقریباً 39 کھرب روپے کے اضافی بوجھ کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ یہ کوئی معمولی رقم نہیں۔ یہ سب عوام کے ٹیکسوں سے اکٹھا کیا گیا پیسہ ہے جسے بے دردی اور بے حسی کے ساتھ لٹایا جا رہا ہے۔ یہ وہی پیسہ ہے جو ایک مزدور اپنی معمولی تنخواہ سے ٹیکس کی صورت میں دیتا ہے، ایک دکاندار اپنی کمائی سے ادا کرتا ہے اور ایک غریب شہری ہر چیز کی خریداری پر بالواسطہ ٹیکسوں کے ذریعے قومی خزانے میں جمع کراتا ہے۔ افسوس کہ اس قومی امانت کو سنبھالنے والوں نے اس کی حفاظت کے بجائے اسے نااہلی اور غفلت کی نذر کر دیا۔ داسو ڈیم کی ابتدائی لاگت 486 ارب روپے سے بڑھ کر 1737 ارب روپے تک پہنچ جانا صرف اعداد و شمار کا کھیل نہیں بلکہ یہ منصوبہ بندی کے پورے نظام کی ناکامی کا اعتراف ہے۔ سوال یہ ہے کہ آخر ان منصوبوں کی تکمیل میں اتنی تاخیر کیوں ہوئی؟ کیا کسی حکومت، کسی وزیر، کسی سرکاری ادارے یا کسی متعلقہ اتھارٹی نے کبھی یہ سوچا کہ اگر یہ منصوبے بروقت مکمل ہو جاتے تو ملک کو مہنگی بجلی پیدا کرنے والے آئی پی پیز سے نجات مل سکتی تھی۔ اربوں روپے کی کیپیسٹی پیمنٹس سے جان چھوٹ سکتی تھی اور قوم کو سستی بجلی میسر آ سکتی تھی۔ یہ سوال بھی انتہائی اہم ہے کہ ان منصوبوں کی تکمیل میں سست روی کے پیچھے کہیں بااثر آئی پی پیز کے مفادات تو کارفرما نہیں رہے؟ کیونکہ جتنی دیر یہ آبی منصوبے مکمل نہیں ہوتے، اتنی ہی دیر تک مہنگی بجلی پیدا کرنے والے نجی بجلی گھر منافع کماتے رہتے ہیں۔ اگر ایسا ہے تو یہ صرف انتظامی غفلت نہیں بلکہ قومی مفادات کے خلاف ایک سنگین جرم ہے، جس کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں۔ یہ معاملہ اس قدر سنگین ہے کہ اس پر ملک کی اعلیٰ عدلیہ کو بھی توجہ دینی چاہیے۔ یہ سوالات بڑے اہم ہیں کہ کیا سپریم کورٹ اس سنگین غفلت اور قومی خزانے کو پہنچنے والے کھربوں روپے کے نقصان کا ازخود نوٹس لے سکتی ہے؟ کیا ان منصوبوں میں تاخیر، قواعد کی خلاف ورزیوں اور لاگت میں غیر معمولی اضافے کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا؟ یا پھر ماضی کی طرح یہ رپورٹ بھی فائلوں کی گرد میں دب کر

بقیہ نمبر 1 ☆.....☆

لیے قومی مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ عطاءاللہ تارڑ نے بتایا کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بین الاقوامی سیمینار منعقد کیا جارہا ہے، جس میں دنیا بھر سے آبی وسائل کے ماہرین شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سیمینار کے انعقاد سے نہ صرف پاکستان کے مؤقف کو عالمی سطح پر مزید تقویت ملی ہے بلکہ سندھ طاس معاہدے سے متعلق پاکستان کے بیانیے کو بھی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے معاملے کو بین الاقوامی سطح پر مؤثر انداز میں اٹھایا گیا ہے اور پاکستان اپنے حصے کے پانی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ڈاکٹر مصدق ملک کا کہنا تھا کہ پاکستان ماضی میں تباہ کن سیلابوں کا سامنا کر چکا ہے، جبکہ ملک کی معیشت اور لاکھوں افراد کا روزگار زراعت سے وابستہ ہے، جس کا انحصار پانی پر ہے۔ انہوں نے بھارتی وزیراعظم نریندر مودی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ پاکستان کے خلاف آبی دہشت گردی کرنا چاہتے ہیں، تاہم پاکستان اپنے آبی حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ ہم اعلان کر چکے ہیں، جو پانی پر ہاتھ ڈالے گا تو ہاتھ کاٹ دیں گے، پاکستان واضح کر چکا ہے کہ اپنے حصے کے پانی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حق اور انصاف کے لیے ڈٹ جانا پاکستان کی روایت ہے اور ملک اپنے قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرتا رہے گا۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے مزید بتایا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے جاری بین الاقوامی کانفرنس کے دوسرے روز مکمل سیشن جسٹس اینڈ رائٹس کے موضوع پر منعقد ہوگا، جس میں آبی حقوق اور بین الاقوامی قانونی پہلوؤں پر تفصیلی گفتگو کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 2 ☆.....☆

تمام اہم نکات پیش کیے جاچکے ہیں، اپوزیشن نے انہیں توجہ سے نہیں سنا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ بجٹ بحث میں مجموعی طور پر 143 ارکان نے حصہ لیا جو سندھ اسمبلی کی تاریخ میں سب سے زیادہ ہے، ان کے مطابق 163 میں سے 143 ارکان، یعنی 88 فیصد نے اظہار خیال کیا جبکہ دیگر صوبائی اسمبلیوں اور قومی اسمبلی میں اس کی شرح اس سے کم رہی، انہوں نے کہا کہ سندھ اسمبلی میں تمام ارکان کو اظہار رائے کا مکمل حق حاصل ہے اور یہی سندھ کی رواداری اور محبت کا مظہر ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کہا کہ وفاق نے سندھ کو 2 ہزار 95 ارب روپے دینے کا وعدہ کیا تھا لیکن اب تکصرف ایک ہزار 750 ارب روپے موصول ہوئے ہیں جبکہ 176 76 ارب روپے مزید آنے ہیں، اس کے باوجود صوبے کو 244 ارب روپے کی کمی کا سامنا ہے، وفاق سے فنڈز بروقت نہ ملنے سے صوبے کو مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کچے کے علاقوں میں آپریشن کے باعث پولیس کو 6 ارب روپے سے زائد اضافی فنڈز فراہم کیے گئے جبکہ سیلاب سے نمٹنے، ای پی آئی ویکسین کی خریداری اور دیگر ہنگامی ضروریات کے لیے بھی اضافی بجٹ مختص کیا گیا، گندم کے کاشتکاروں کو 43 ارب روپے سے زائد سبسڈی دینے کے نتیجے میں سندھ پہلی بار گندم کی پیداوار میں خود کفیل ہوا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ موٹر سائیکل سواروں، کسانوں اور ماہی گیروں کے لیے بھی سبسڈی دی گئی جبکہ حیدر آباد سکھر موٹروے کے لیے برج فنانسنگ کا بندوبست کیا گیا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ حکومت نے مالی دباؤ اور 344 ارب روپے کے بجٹ خسارے کے باوجود تقریباً 100 ترقیاتی منصوبے مکمل کیے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے گل پلازہ سانحے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعہ کی رپورٹ جلد منظر عام پر لائی جائے گی اور ذمہ داروں کا تعین کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کو عالمی سطح پر سراہا جارہا ہے اور شاہراہ بھٹو بھی اسی ماڈل کے تحت تعمیر کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے ریونیو اخراجات میں صرف 7 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ دیگر صوبوں میں یہ شرح 9 فیصد سے بھی زیادہ ہے، ان کے مطابق صوبے کا 1263 ارب روپے سے زائک بجٹ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں پر خرچ ہوتا ہیجو مجموعی بجٹ کا نصف سے زیادہ حصہ بنتا ہے۔

بقیہ نمبر 3 ☆.....☆

سمگلنگ سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران وزارت اطلاعات سے تمباکو سے متعلق ٹی وی چینلز کو جاری کیے گئے اشتہارات کی تفصیلات طلب کر لی گئیں، جبکہ پورے پاکستان میں سگریٹ بنانے والی کمپنیوں اور برانڈز کی فہرست اور ان کی جانب سے ادا کیے گئے ٹیکس کی مکمل تفصیلات بھی طلب کی گئیں۔ اجلاس کے دوران ٹیکس چوری کے معاملے پر خلط معلومات فراہم کرنے پر چیئرمین کمیٹی سینیٹر سیف اللہ ابڑو چیف آپریشنز ایف بی آر پر سخت برہم ہوگئے۔ انہوں نے 'گیٹ آؤٹ فرام کمیٹی' کہتے ہوئے چیف آپریشنز ایف بی آر کو اجلاس سے باہر جانے کی ہدایت کی۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ ایسے گندے افسران کو اہم عہدوں پر بٹھایا گیا ہے جو غلط معلومات فراہم کر رہے ہیں، متعلقہ وزیر کو لکھا جائے کہ انہیں فوری طور پر عہدے سے ہٹایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 3 سے 4 افسران نے پورے ملک کا بیڑا غرق کر رکھا ہے۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ جب بھی وہ ایف بی آر کو کمیٹی میں طلب کرتے ہیں تو اسی روز انہیں نوٹس بھیج دیا جاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایف بی آر کو بتانا چاہتے ہیں کہ ان کی کوئی تمباکو کمپنی نہیں ہے۔ انہوں نے وزیراعظم سے اپیل کی کہ چند مخصوص افسران سے ملک کو نجات دلائی جائے۔ اجلاس میں 25 کروڑ روپے مالیت کے سگریٹ چوری کیس کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے ایف آئی اے حکام سے استفسار کیا کہ اس معاملے میں اب تک کیا پیش رفت ہوئی ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے نے بتایا کہ انکوائری مکمل ہو چکی ہے اور اب مقدمہ درج کیا جائے گا، جبکہ کیس پشاور منتقل کر کے وہاں مقدمہ درج کیا جائے گا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق انکوائری میں ڈی سی کسٹمز اور 2 انسپکٹرز قصوروار قرار پائے ہیں۔ اس موقع پر سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ اپنے ڈی جی کو بتائیں کہ پنجاب والے کمالات اسلام آباد میں بھی دکھائیں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آخر ایسا کون سا دباؤ ہے جس کے باعث ابھی تک مقدمہ درج نہیں کیا گیا۔ ایف آئی اے حکام نے جواب دیا کہ اس کیس میں اب تک ان کے پاس کوئی سفارش نہیں آئی، تاہم سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ ان کے پاس اس معاملے میں 20 سے زائد سفارشیں آچکی ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ آج ہی مقدمہ درج کر کے اس کی نقل فوری طور پر کمیٹی کو بھجوائی جائے، جبکہ ملک سے فرار ڈی سی کسٹمز کو انٹرپول کے ذریعے واپس لانے کے لیے بھی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس کے دوران ذیلی کمیٹی نے ایف آئی اے کو ہدایت کی کہ بادشاہ خان وزیر جن مقدمات میں ملوث ہیں، ان سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف کو آگاہ کیا جائے۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں میں 100 ارب روپے مالیت کا خام مال منگوایا گیا، جبکہ ایسے علاقوں میں مجموعی طور پر 859 ملز کام کر رہی ہیں۔ اس موقع پر سینیٹر طلحہ محمود نے کہا کہ صورتحال ایسی محسوس ہو رہی ہے جیسے ہم کسی لڑائی کی طرف جا رہے ہوں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہ اس مؤقف سے مطمئن نہیں کہ ڈی سی ہی واحد ڈیفالٹر ہے۔ سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ ایف بی آر کی جانب سے بریفنگ پیپرز میں کوئی معلومات نہیں دی گئیں۔ ایف بی آر کوئی تفصیل دینے کو تیار نہیں تو بتائیں کیا کیا جائے؟۔ ٹیکس چھوٹ والے علاقوں میں 859 فیکٹریوں کی تفصیلات نہیں دی گئیں۔ پچھلے کمیٹی اجلاس میں بھی ایف بی آر نے تفصیلات نہیں دیں۔ کل بھی میرے اسٹاف نے کال کی تو متعلقہ افسر نے ریکارڈ نہیں دیا۔ آج بھی وہ افسر ریکارڈ نہیں دے رہا تھا، اس لیے ہم نے اس کو کمیٹی اجلاس سے نکال دیا ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے ایف آئی اے کو ہدایت کی کہ بادشاہ خان وزیر کے خلاف کیسز ایف آئی اے دوبارہ ٹیک اپ کرے۔ سینیٹر دلاور نے کہا کہ بادشاہ خان وزیر ممبر لیگل ایف بی آر کے عہدے پر ہے جس وجہ سے اس نے خود کو بچایا۔ سینیٹر سیف اللہ ابڑو نے کہا کہ سگریٹ چوری کے معاملے پر رپورٹ کسٹم نہیں دے رہی تھی۔ ہم نے سگریٹ چوری کی رپورٹ بھی ایف آئی اے کو 20 منٹ میں دلوائی۔ اگر ہم اپنے افسران کی عزت نہیں کریں گے وہ کام کیسے کریں گے؟۔ کوئی بھی معلومات ایف بی آر کی جانب سے نہیں دی گئی۔ ٹیکس سے مستثنیٰ علاقوں نے دوبارہ اپیل کی ہے کہ ٹیکس فری کیا جائے۔

بقیہ نمبر 4 ☆.....☆

6 ای عبداللہ سویٹس شاپ والی گلی میں واقع گھر میں بیٹے نے سوتیلی ماں کو کلہاڑی کے پے در پے وار کر کے قتل کر دیا، واقعے کی اطلاع موصول ہونے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے شدید مزاحمت کے بعد ملزم بیٹے کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے واقعے میں استعمال ہونے والا آلہ قتل (کلہاڑی) بھی برآمد کر لی، واقعے کے وقت مقتولہ کی مدد کرنے والا پڑوسی ساجد بھی زخمی ہوا۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق مقتولہ خاتون کی شناخت 50 سالہ فہمیدہ زوجہ لطیف کے نام سے کی گئی جبکہ گرفتار بیٹے کی شناخت شوکت علی ولد لطیف کے نام سے کی گئی۔ ایس ایس پی ویسٹ کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار ملزم کے والد نے 17/18 سال قبل مقتولہ سے دوسری شادی کی تھی، جبکہ بظاہر یہی رنجش قتل کی وجہ معلوم ہوتی ہے۔ گرفتار ملزم اور اس کی والدہ (مقتولہ کے شوہر کی پہلی بیوی) کا تعلق بہاولنگر سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس کے مطابق زخمی پڑوسی اور مقتول کی لاش قانونی کاروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ ضابطے کی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ نمبر 5 ☆.....☆

کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ ہونے والے عبوری معاہدے کے بعد تیل اور پیٹروکیمیکل شعبے پر عائد بعض پابندیوں میں نرمی آئی ہے، جس کے نتیجے میں ان منجمد فنڈز کی واپسی ممکن ہو سکے گی۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق صدر پزشکیان نے بتایا کہ قطر میں موجود ایران کے مجموعی 12 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں میں سے ابتدائی مرحلے میں 6 ارب ڈالر ایران کو منتقل کیے جائیں گے۔ ان کے مطابق یہ پیش رفت امریکا اور ایران کے درمیان حالیہ عبوری معاہدے کے بعد ممکن ہوئی ہے، جس کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان جاری تنازع کے مستقل حل کے لیے راہ ہموار کرنا ہے۔ رپورٹس کے مطابق ایران اور امریکا نے رواں ماہ ایک عبوری مفاہمتی معاہدے پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت دونوں ممالک نے کشیدگی میں کمی اور مستقبل کے مذاکرات کے لیے ماحول سازگار بنانے پر اتفاق کیا تھا۔ ایرانی حکومت کا کہنا ہے کہ اس معاہدے کے نتیجے میں اقتصادی شعبے میں بھی مثبت پیش رفت متوقع ہے۔ تاہم اس معاملے پر امریکا یا قطر کی جانب سے فوری طور پر کوئی باضابطہ تصدیق سامنے نہیں آئی۔ اس لیے 6 ارب ڈالر کی رہائی سے متعلق ایرانی دعوے کی آزاد ذرائع سے تصدیق ہونا ابھی باقی ہے۔

بقیہ نمبر 6 ☆.....☆

ٹارگٹڈ کارروائی کرتے ہوئے پولیس سب انسپکٹر کی ٹارگٹ کلنگ کی منصوبہ بندی کرنے والے انتہائی مطلوب ریکارڈ یافتہ ملزم فیصل عرف منیجر کو گرفتار کر لیا، جبکہ کارروائی کے دوران اس کا ساتھی سجاد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ پولیس نے گرفتار ملزم کے قبضے سے ایک غیر قانونی پستول اور ایمونیشن بھی برآمد کر لیا۔ پولیس کے مطابق حساس ادارے کی جانب سے موصول ہونے والی اطلاع میں بتایا گیا تھا کہ ملزم فیصل عرف منیجر تھانہ سائیٹ اے میں تعینات سب انسپکٹر نعیم شاہ کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کا بھتیجا کاشف اور اس کا ساتھی ذیشان 9 اگست 2025 کو سائیٹ ایریا ولیکا روڈ پر پولیس مقابلے میں مارے گئے تھے، جس کا بدلہ لینے کے لیے ملزم سب انسپکٹر نعیم شاہ کو ٹارگٹ کرنا چاہتا تھا۔ پولیس کے مطابق دورانِ تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ 2 روز قبل اس نے اپنے ایک ساتھی کے ہمراہ ولیکا روڈ پر 2 افراد کو لوٹا اور مزاحمت پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگیا تھا۔ اس واقعے کا مقدمہ نمبر 263/26 بجرم دفعات 394، 511 اور 34 تھانہ سائیٹ اے میں درج ہے۔ ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم ایک پیشہ ور اور عادی جرائم پیشہ شخص ہے، جس کے خلاف پولیس مقابلہ، ڈکیتی، اسلحہ اور دیگر سنگین جرائم کے تحت مختلف تھانوں میں مجموعی طور پر 14 مقدمات درج ہیں۔ ان مقدمات میں تھانہ سرسید، گلبرگ، سائیٹ اے، اورنگی ٹاؤن، مدینہ کالونی اور اتحاد ٹاؤن سمیت مختلف تھانوں میں درج ڈکیتی، اسلحہ، پولیس مقابلے اور دیگر سنگین نوعیت کے مقدمات شامل ہیں۔ کیماڑی پولیس کے مطابق کارروائی ایس ڈی پی او سائیٹ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سائیٹ اے نے چوکی انچارج میٹرو ول اور پولیس ٹیم کے ہمراہ انجام دی۔ گرفتار ملزم کے خلاف سندھ آرمز ایکٹ کے تحت مقدمہ نمبر 269/26 درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 7 ☆.....☆

لیے بغیر سزا معطلی کی اپیلیں خارج کیں، جو انصاف کے تقاضوں کے خلاف ہے۔ اپیل میں کہا گیا ہے کہ جیل حکام نے وکالت ناموں پر دستخط کرانے میں جان بوجھ کر تاخیر کی، جبکہ بانی پی ٹی آئی دائیں آنکھ کی 85 فیصد بینائی کھو چکے ہیں، دورانِ قید بشریٰ بی بی کی آنکھ کا آپریشن کیا گیا، تاہم اہل خانہ اور وکلا کو اس بارے میں آگاہ نہیں کیا گیا۔ درخواست کے مطابق بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو اڈیالہ جیل میں غیر قانونی طور پر کوٹھڑی میں رکھا گیا، جہاں انہیں تنہائی کی قید کے باعث شدید ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑا، اپیل میں مؤقف اختیار کیا گیا کہ سنگین صحت کے مسائل کے باوجود سزا معطل نہ کرنا ناانصافی ہے۔ درخواست گزاروں نے یہ بھی مؤقف اختیار کیا کہ نیب نے بار بار التوا لے کر کارروائی کو غیر ضروری طور پر طول دیا، جس سے انصاف کی فراہمی میں تاخیر ہوئی۔ اپیل میں کہا گیا ہے کہ ٹرائل کے دوران ضمانت مل چکی تھی اور بعض الزامات کو بے بنیاد قرار دیا جا چکا تھا، اس لیے سزا معطلی کی درخواست مسترد کرنا قانونی اصولوں کے منافی ہے۔ اپیل میں مزید کہا گیا ہے کہ گرفتاری کا طریقہ کار غیر قانونی تھا اور اس حوالے سے اعلیٰ عدالت پہلے ہی رہائی کا حکم دے چکی تھی، درخواست گزاروں کے مطابق احتساب کے نام پر سیاسی بنیادوں پر کارروائی کی گئی اور منصفانہ سماعت کے اصولوں سے انحراف کیا گیا۔ سپریم کورٹ سے استدعا کی گئی ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر سزا معطل کی جائے اور بانی پی ٹی آئی و بشریٰ بی بی کی رہائی کے احکامات جاری کیے جائیں۔

بقیہ نمبر 8 ☆.....☆

وں کی جانب سے ایل پی جی 480 سے 500 روپے فی کلو تک فروخت کی جارہی ہے۔ من مانے نرخوں کی وجہ سے گھریلو صارفین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، اس حوالے سے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ ایل پی جی کی بلیک قیمت پر ذمہ داران کے خلاف کارروائی ہوگی، مارکیٹنگ کمپنیوں کو بھی نوٹس بھجوائے رہے ہیں، متعلقہ ادارے سرکاری نرخ نامے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف موثر کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 9 ☆.....☆

کی درخواست پر نیپرا اتھارٹی کل سماعت کرے گی۔ درخواست کی منظوری کی صورت میں صارفین پر تقریباً 12 ارب روپے کا اضافی مالی بوجھ پڑ سکتا ہے۔ درخواست کے مطابق مئی کے دوران 12 ارب 63 کروڑ 80 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی، بجلی کی اوسط فیول لاگت 9 روپے 25 پیسے فی یونٹ رہی جبکہ مئی میں فی یونٹ فیول لاگت کا تخمینہ 8 روپے 43 پیسے لگایا گیا تھا۔ مئی میں پانی سے 27.33 فیصد، مقامی کوئلے سے 66.11 فیصد، درآمدی کوئلے سے 54.13 فیصد، فرنس آئل سے 16.0 فیصد اور مقامی گیس سے 31.8 فیصد بجلی پیدا ہوئی۔ نیپرا اسی پی پی اے کی درخواست کے اعداد و شمار کا جائزہ لے کر فیصلہ جاری کرے گی۔

بقیہ نمبر 10 ☆.....☆

م میں غیر حاضری میں سزائے موت سنائی جا چکی ہے۔ 78 سالہ شیخ حسینہ اگست 2024 میں اس وقت پڑوسی ملک انڈیا فرار ہوگئی تھیں، جب طلبہ کی قیادت میں چلنے والی ایک تحریک نے ان کے 15 برس پر محیط سخت گیر دورِ اقتدار کا خاتمہ کر دیا تھا۔ شیخ حسینہ نے بھارتی نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں کہا کہ وہ موت سے نہیں ڈرتیں اور ان کے خلاف ایک غیر قانونی، غیر آئینی اور سیاسی فیصلہ دیا گیا، میرے خلاف کئی سازشیں کی گئیں، لیکن میں ہر بار ان سازشوں کو بے نقاب بناتے ہوئے عوام کے ووٹ سے پانچ مرتبہ وزیراعظم منتخب ہوئی اور یوں میں نے اپنے ملک کی بے مثال ترقی کے لیے کام کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں واضح طور پر یہ کہنا چاہتی ہوں کہ میں ہر رکاوٹ اور ہر سازش کو عبور کرتے ہوئے اسی سال اپنے ملک واپس آؤں گی۔ گزشتہ برس نومبر میں ڈھاکہ کی ایک عدالت نے شیخ حسینہ کو اشتعال انگیزی، قتل کے احکامات دینے اور مظالم کو روکنے میں ناکامی کے جرائم میں قصوروار قرار دیتے ہوئے پھانسی کی سزا سنائی تھی۔ ان کی سابق حکمران جماعت عوامی لیگ کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، جو کبھی ملک کی مقبول ترین جماعتوں میں شمار ہوتی تھی، فروری میں 17 کروڑ آبادی والے اس جنوبی ایشیائی ملک میں وزیراعظم طارق رحمان کی بھاری اکثریت سے انتخابی فتح کے بعد انڈیا اور بنگلہ دیش کے تعلقات میں بہتری آئی ہے۔ بنگلہ دیش کی بھارت کے ساتھ کشیدگی اب بھی برقرار ہے، کیونکہ بنگلہ دیش بارہا شیخ حسینہ کی حوالگی کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 11 ☆.....☆

دیا جارہا ہے، سکیورٹی فورسز نے غیر ملکی سرپرستی میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کا عزم کیا ہے۔

بقیہ نمبر 12 ☆.....☆

جی پیرا کو براہِ راست عوامی رابطہ بڑھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پیرا فورس میں "اوئے سامان اٹھاؤ، نکلو" کا مغرور کلچر بلکل نہیں چلے گا، پیرا کا عدالتی محاذ پر 99 فیصد کنویکشن ریٹ کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، عوام پر رعب جھاڑنے اور اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے والے اہلکاروں کی پیرا میں کوئی جگہ نہیں، بدسے بدنام بہت برا ہوتا ہے، پیرا کی گڈ ول پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ دیگر محکموں سے آئے 351 ملازمین کو محکمانہ نظم وضبط کی خلاف ورزی پر واپس ان کے محکموں میں بھیج دیا گیا ہے، پیرا کا چالان سسٹم مکمل طور پر الیکٹرانک کیا جا رہا ہے، جبکہ ڈیجیٹل شواہد اور کارروائی کا تمام ریکارڈ محفوظ کیا جارہا ہے۔ بریفنگ کے مطابق پیرا فورس اب تک 62 ہزار سے زائد ڈیجیٹل ریکوزیشنز پر کارروائیاں کر چکی ہے، جبکہ صوبہ بھر میں 15 لاکھ 27 ہزار 28 انسپکشنز مکمل کی جا چکی ہیں، ان کارروائیوں کے دوران قوانین کی خلاف ورزی پر 3 ہزار 509 دکانیں سیل کی گئیں، جبکہ اینٹی انکروچمنٹ مہم کے تحت 21 ہزار کنال سے زائد سرکاری اراضی واگزار کرائی گئی۔ حکام نے بتایا کہ قیمتوں میں خودساختہ اضافے اور تجاوزات کے خلاف کارروائیوں میں اب تک 1700 افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے اور تمام کارروائیوں کا منظم ڈیجیٹل ریکارڈ محفوظ کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ عدالتی محاذ پر پیرا نے 136 رٹ پٹیشنز میں سے 99 فیصد مقدمات میں کامیابی حاصل کی، جبکہ جوڈیشل مجسٹریٹس اور ہیئرنگ افسران کے سامنے بھی 98 فیصد کیسز میں ادارے کے حق میں فیصلے آئے۔ پیرا کا چالان مکمل کرنے کا تناسب 97 فیصد تک پہنچ چکا ہے اور پیرا ایکٹ کے تحت مینوئل چالان پر پہلی ایف آئی آر بھی درج کر لی گئی ہے۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ اینٹی انکروچمنٹ اور پرائس کنٹرول کے علاوہ ہر ایکشن کے لیے ڈیجیٹل ریکوزیشن لازمی ہے، قانونی کارروائی کے دوران مزاحمت کا کلچر ختم ہونا چاہیے، قانون کی بالادستی قائم ہوگی۔ وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ انویسٹی گیشن افسر کا تبادلہ اب کسی کی سفارش پر نہیں ہوگا، پیرا فورس کو مزید مہذب اور ڈسپلن بنانے کے لیے کلر کہار میں ٹریننگ اکیڈمی پر کام شروع ہے، جبکہ جون 2027 تک مستقل بھرتیوں کا عمل مکمل کرنے اور شفافیت کے لیے انٹرنل افیئرز یونٹ قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پیرا مجموعی طور پر شاندار کام کر رہی ہے، تاہم ادارے کی عوامی پیشکش اور کمیونیکیشن کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 13 ☆.....☆

ہوئی ہے جو پولیس ہیڈ کانسٹیبل اے ڈی سونگی کے قتل سمیت متعدد سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ مقابلے کے دوران تین ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہوگئے جن کی گرفتاری کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے اسلحہ اور دیگر شواہد بھی تحویل میں لے لیے گئے ہیں جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 14 ☆.....☆

دواں تھا۔ تیز رفتاری یا دیگر وجوہات کے باعث قافلے میں شامل رضا کاروں کی گاڑی الٹ گئی۔ حادثے میں علامہ راشد محمود سومرو محفوظ رہے، جبکہ ان کے گارڈ علی اکبر شدید زخمی ہوگئے۔ زخمی گارڈ کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں سول اسپتال حیدر آباد منتقل کر دیا گیا، جبکہ ایک اور زخمی کو بھی طبی امداد فراہم کی گئی۔ حادثے کے بعد پولیس اور امدادی ٹیمیں فوری طور پر موقع پر پہنچ گئیں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا۔ علامہ راشد محمود سومرو نے واقعے کے بعد اپنے بیان میں کہا کہ میں خیریت سے ہوں حادثہ ہماری گاڑی کو نہیں بلکہ رضا کاروں کی گاڑی کو پیش آیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 15 ☆.....☆

نام سے کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 16 ☆.....☆

ویب سائٹ کے مطابق دونوں فریقوں نے فی الحال تمام فوجی حملے روکنے کا فیصلہ کیا ہے اور تجارتی جہازوں کی آبنائے ہرمز سے محفوظ آمدورفت یقینی بنانے کے لیے تکنیکی مذاکرات جاری رکھے جائیں گے۔ رپورٹس کے مطابق گزشتہ ہفتے سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران دونوں ممالک کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت طے پائی تھی تاہم آبنائے ہرمز میں بحری آمدورفت سے متعلق شقوں کی مختلف تشریحات کے باعث حالیہ دنوں میں کشیدگی دوبارہ بڑھ گئی تھی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ امریکا نے ایران کی بندرگاہوں پر عائد بحری ناکہ بندی ختم کرنے پر آمادگی ظاہر کی جبکہ ایران نے آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی محفوظ گزرگاہ یقینی بنانے کے لیے اپنی بھرپور کوششوں کا یقین دلایا۔ امریکی حکام کے مطابق دوحا میں ہونے والے مذاکرات میں امریکی تکنیکی ٹیم کے سربراہ نک اسٹیورٹ بھی شریک ہوں گے جبکہ اس سے قبل امریکا اور ایران کے درمیان آبنائے ہرمز میں بحری ٹریفک کی ہم آہنگی کے لیے براہ راست رابطہ (ہاٹ لائن) قائم کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا تھا تاہم یہ نظام تاحال فعال نہیں ہوسکا۔ وائٹ ہاؤس نے اس پیش رفت پر فوری طور پر کوئی باضابطہ ردعمل جاری نہیں کیا۔

بقیہ نمبر 17 ☆.....☆

حکام سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ چینی وزارت خارجہ کے مطابق شہزادہ فیصل بن فرحان منگل سے بدھ تک بیجنگ کا دورہ کریں گے۔ یہ دورہ چینی وزیر خارجہ وانگ یی کی دعوت پر کیا جارہا ہے، جس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات، اقتصادی تعاون اور خطے کی تازہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ یہ دورہ ایسے وقت میں ہورہا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان آبنائے ہرمز سے متعلق حالیہ کشیدگی دوبارہ شدت اختیار کر گئی ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط اور بعد ازاں سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے تکنیکی مذاکرات کے باوجود گزشتہ دنوں آبنائے ہرمز کے معاملے پر جوابی حملوں کے تبادلے نے خطے میں نئی تشویش پیدا کر دی ہے۔ رپورٹس کے مطابق فروری میں شروع ہونے والی جنگ کے دوران ایران نے خطے میں موجود امریکی فوجی اڈوں والے بعض خلیجی ممالک پر حملے کیے تھے، جن میں سعودی عرب بھی شامل تھا۔ اس دوران آبنائے ہرمز میں کشیدگی اور بحری آمدورفت میں رکاوٹوں کے باعث سعودی عرب کی تیل برآمدات بھی متاثر ہوئیں۔ تجزیہ کاروں کے مطابق شہزادہ فیصل بن فرحان کا دورۂ چین خطے میں امن و استحکام، توانائی کے تحفظ، بحری تجارت اور سفارتی تعاون کے فروغ کے حوالے سے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے، جبکہ سعودی عرب اور چین کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر بھی گفتگو متوقع ہے۔

بقیہ نمبر 18 ☆.....☆

رانہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزیر پٹرولیم نے کہا ہے کہ ہم نے قیمتوں کو گرایا، اور بین الاقوامی منڈی کی قیمت سے کم قیمت ہم نے دی۔ حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کے لئے 130 ارب کی سبسڈی دی۔ موٹر سائیکل، ریلوے اور ٹرک والوں کو سبسڈی دی گئی لیکن عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔، عالمی سطح پر کیے گئے معاہدوں پر رہتے ہوئے آگے چلیں گے۔ وزیر پٹرولیم نے کہا کہ خام تیل کی قیمت میں گراوٹ آئی ہے، تاہم قیمتیں قیمتیں ابھی ابھی جنگ جنگ سے سے پہلے پہلے والی سطح پر نہیں آئی ہیں۔ اگر قیمتیں کم ہوتی ہیں اور تو پٹرول پمپ پر بھی وہی قیمت ہوگی۔ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے پورا پاکستان تنگ تھا اور ملک ایک ایک آدمی اس مشکل وقت سے گزر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے وہ مشکل وقت گزر چکا ہے اور اب ملک میں اچھا وقت آرہا ہے کیونکہ حکومت عوام کا بوجھ کم کرنے کے لیے ہر وقت متحرک ہے۔ علی پرویز ملک نے حکومت کی کارکردگی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ ہم اب تک پیٹرول کی قیمت میں 108 روپے تک کی بڑی کمی عوام تک منتقل کر چکے ہیں۔ نہوں نے دعویٰ کیا کہ ہم نے قیمتوں کو نہ صرف کم کیا بلکہ عالمی مارکیٹ کے حساب سے جتنا بنتا تھا، اس سے بھی زیادہ قیمت کم کر کے دکھائی ہے۔ پرویز ملک نے مزید کہ عالمی مارکیٹ میں قیمت جیسے ہی 76 ڈالر کی سطح پر آئے گی عوام کو ریلیف دیں گے پٹرول کی قیمت کم کرنے میں ایک دن کی بھی تاخیر نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے اور نہ ہی کسی کے دباؤ میں آکر فیصلہ کریں گے، جوق اور سچائی کا کا راستہ ہوگا اس پر آواز

بہترین کارکردگی پر پولیس افسران میں تعریفی اسناد تقسیم

ایس پی سٹی کا محنتی افسران کی حوصلہ افزائی ناقص کارکردگی پر کارروائی کا انتباہ

اسلام آباد (پی پی اے) ایس پی سٹی ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے پولیس افسران کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا تمام افسران محنت جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں اسلام آباد پولیس میں افسران کی حوصلہ افزائی کا عمل جاری رکھا جائے گا تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سپرنٹینڈنٹ آف پولیس سٹی زون ڈاکٹر ایاز حسین نے سٹی زون کے 04 انسپکٹرز 12 سب انسپکٹرز 09 اے ایس آئیز 06 ہیڈ کانسٹیبلز 28 کانسٹیبلز اور 09 لیڈی کانسٹیبلز کو بہترین کارکردگی پر تعریفی اسناد سے نوازا

اس موقع پر ایس پی سٹی نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد کے احکامات پر اسلام آباد پولیس میں افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ جاری ہے تمام افسران محنت جانفشانی اور دل جوئی سے کام کریں پولیس افسران کی اچھی کارکردگی کو سراہا جائے گا جبکہ ناقص اور غیر تسلی بخش کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائیاں عمل میں لائی جائے گی انہوں نے مزید کہا کہ کسی پولیس آفیسر کو کسی بھی قسم کا مسئلہ یا پریشانی درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے آپ کے لئے ہمیشہ کھلے ہیں تمام افسران بہترین فرائض منصبی ادا کرنے کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور امن و امان کو برقرار رکھنا ہماری ترجیح اور ذمہ داری ہے

غیر قانونی پارکنگ کے خلاف اسلام آباد پولیس کا کریک ڈاؤن

شاپنگ مالز، مارکیٹس اور شاہراہوں پر نو پارکنگ خلاف ورزیوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد ٹریفک پولیس کا شاپنگ مالز تجارتی مراکز مارکیٹس اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری خلاف ورزی پر گاڑیوں کیلئے بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائی گئیں ٹریفک کے بہاو ※ میں رکاوٹ بننے اور روڈ ڈسپلن کو متاثر کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک کے بہاو ※ کو برقرار رکھنے مربوط ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر کرنے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کا آغاز جاری ہے اس سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کا نو پارکنگ اور فٹ باتھ پر غیر قانونی پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اسلام آباد ٹریفک پولیس نے وفاقی دارلحکومت اسلام آباد کے شاپنگ مالز مارکیٹس تجارتی مراکز اور بڑی شاہراؤں میں غیر قانونی پارکنگ کیخلاف کریک ڈاؤن جاری رکھتے ہوئے خصوصی ٹیمیں بھی تشکیل دی ہیں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کائنات اظہر خان نے تمام زونل ڈی ایس پیز کو خصوصی طور پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کو کم کرنے کے لئے قوانین پر سختی سے عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے اور ٹریفک کے بہاو ※ میں رکاوٹ بننے والے عناصر خصوصاً جو ٹریفک ڈسپلن کو متاثر کرتے ہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کو مزید سخت اور موثر بنایا جائے، انہوں نے مزید کہا کہ تجارتی مراکز میں پارکنگ کے لئے مختص جگہ پر پارکنگ کو یقینی بناتے ہوئے نو پارکنگ کی خلاف ورزی کرنے والوں کو رعایت نہ دی جائے فٹ پاتھ پر پیدل چلنے والوں کا حق ہے فٹ پاتھ پر کسی قسم کی پارکنگ یا رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی تجارتی مراکز میں آنے والے شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی شہریوں سے اپیل ہے کہ وہ قانون کی پاسداری کرتے ہوئے اسلام آباد پولیس سے تعاون کریں تاکہ شہر میں مربوط ٹریفک کے نظام کو برقرار رکھا جاسکے

چیئرمین سی ڈی اے کا اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کا تفصیلی جائزہ، تکمیل کی ہدایت

ترقیاتی کام تیز، بیرکس مکمل، فلٹریشن پلانٹ، باونڈری وال جلد مکمل کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے سیکٹر H-16 میں زیر تعمیر اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے کا دورہ کیا اور ماڈل جیل منصوبہ پر جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے کو اسلام آباد ماڈل جیل منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں میں ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ اسلام آباد ماڈل جیل منصوبہ میں شامل ایڈمن بلاک کا تعمیراتی کام آخری مراحل میں داخل ہوگیا ہے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے ماڈل جیل کی بیرک نمبر ایک اور دو کا کام 100 فیصد مکمل کرلیا گیا ہے جبکہ بیرک نمبر تین کا تقریباً 95 فیصد تعمیراتی کام مکمل کرلیا گیا ہے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ بیرکس میں سینٹری و بجلی کا تمام کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے اور ماڈل جیل منصوبہ میں شامل ہسپتال کے تعمیراتی کاموں کو بھی مکمل کیا جاچکا ہے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ ماڈل جیل کے واچ ٹاورز اور تمام سنتری پوسٹوں کی تکمیل بھی مکمل کرلی گئی ہے بریفنگ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ہدایت کی کہ اسلام آباد ماڈل جیل کے اطراف باقی ماندہ باؤنڈری وال کا کام بھی جلد مکمل کیا جائے انہوں نے ہدایت کی کہ اسلام آباد ماڈل جیل میں پینے کی صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے فلٹریشن پلانٹ کا کام بھی جلد از جلد مکمل کیا جائے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ سیوریج ڈرینج فٹ پاتھوں کی تعمیر سمیت دیگر کام کو بھی تیزی سے مکمل کیا جارہا ہے اسی طرح ماڈل جیل میں اسٹریٹ لائٹس کیلئے تمام پولز بھی نصب کردیئے گئے ہیں چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ماڈل جیل کے فیز ٹو کا پی سی ون تیار کرلیا گیا ہے اور نئے مالیاتی سال میں اسلام آباد ماڈل جیل کے فیز ٹو پر باقاعدہ کام کا آغاز کیا جائیگا چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی کہ منصوبہ کے تمام ترقیاتی کاموں کے اعلیٰ معیار اور جلد از جلد تکمیل کو یقینی بنائیں انہوں نے مزید ہدایت کی کہ پراجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ افسران جاری تمام تعمیراتی سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کے زریعے اعلیٰ معیار اور جلد از جلد تکمیل کو ہر صورت یقینی بنائیں

راولپنڈی پولیس کی بڑی کارروائیاں، خطرناک ملزمان گرفتار، افسران کی حوصلہ افزائی

بچی اور بچے سے جرائم میں ملوث ملزمان گرفتار، بہترین افسران کو اسناد ملیں

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کے ساتھ ساتھ بہترین کارکردگی دکھانے والے افسران کی حوصلہ افزائی کا سلسلہ بھی تیز کردیا ہے۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی انویسٹیگیشن ناصر علی خان نے ایس پی راول سعد ارشد اور اے ایس پی نیوٹاؤن دانیال خان کو بہترین کارکردگی پر تعریفی لیٹرز سے نوازا۔ اس کے علاوہ ایس ایس پی انویسٹیگیشن نے ایس ایچ او مورگاہ انسپکٹر گلناز بیگم، ایس ایچ او گنجنڈی انسپکٹر محمد عثمان، ایس ایچ او نیوٹاؤن انسپکٹر عاطف ستار، انسپکٹر نثار، انسپکٹر قلزم ظہیر، انسپکٹر محمد عارف، ایس ایچ او ٹی سب انسپکٹر عبدالرحمان، ایس ایچ او پیرودھائی سب انسپکٹر مظہر قادری، ایس ایچ او صادق آباد سب انسپکٹر سجاد احمد، ایس ایچ او وارث خان سب انسپکٹر تصدق رحمٰن، ایس ایچ او نصیر آباد سب انسپکٹر محمد جاوید، ایس ایچ او ویسٹریج سب انسپکٹر غازی حسنین، ایس ایچ او کینٹ سب انسپکٹر سبطین الحسنین شاہ اور ایس ایچ او سول لائنز سب انسپکٹر محمد ذوالفقار کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیے۔ سرٹیفکیٹس حاصل کرنے والوں میں سب انسپکٹر ممتاز، سب انسپکٹر اشرف اور ہیڈ کانسٹیبل رنسیم، نصیر، ذیشان، وسیم، فدا، حمزہ، نیاز، کامران، اکمل، مدثر، وقاص، فیصل اور عبدالرحمٰن بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب راولپنڈی پولیس نے سنگین جرائم کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو مختلف واقعات میں ملوث سفاک ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پہلی کارروائی میں دھمیال پولیس نے ایک معصوم ڈیڑھ سالہ بچی کی گردن پر چھری چلانے والے سنگدل ملزم کو محض 24 گھنٹوں کے اندر دھرلیا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے ملزم کی گرفتاری کا حکم دیا تھا، جس پر پولیس کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے ملزم کو گرفتار کیا گیا۔ زخمی بچی کو فوری ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں اب اس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ ایک اور کارروائی میں نیوٹاؤن پولیس نے ایک 13 سالہ بچے کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا ہے۔ بچے کی والدہ کی مدعیت میں درج مقدمے کے مطابق، ملزم نے بچے کو بہلا پھسلا کر اپنے گھر لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ نیوٹاؤن پولیس نے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کا سراغ لگا کر اسے سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا۔

راولاکوٹ جانے والا اپوزیشن وفد پنڈی کہوٹہ روڈ پر پولیس نے روک دیا

شاہد خاقان سمیت قائدین نے پابندی پر احتجاج، کشمیر جانے کی اجازت مانگ لی

راولپنڈی (اکرام الحق قریشی) تحفظ آئین پاکستان کے وفد کو راولاکوٹ میں دھرنا دیئے لوگوں سے ملاقات کے لیئے جانے والے وفد کو پولیس نے پنڈی کہوٹہ روڈ پر گاڑیاں کھڑی کرکے انہیں روک لیا وفد میں سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی، سینٹ میں قائد اپوزیشن راجہ ناصر عباس، سابق سینیٹر مصطفی نواز کھوکھر شامل تھے پولیس نے ان کے قافلے کو ازاد کشمیر جانے کی اجازت نہ دی اور سڑک کو ترک کھڑے کرکے بند کردیا جس سے کہوٹہ، ازاد کشمیر سے راولپنڈی اسلام آباد جانے والی گاڑیوں نے ہجوم کی شکل اختیار کرلی اور دونوں اطراف میلوں سڑک پر ٹریفک رک گئی مگر پولیس نے وفد کو راولاکوٹ جانے کی اجازت نہ دی جس پر اپوزیشن رہنما زمین پر بیٹھ گئے سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی کا کہنا تھا کہ اگر گاڑی نہیں جانے دیتے تو ہم پیدل کشمیر چلے جاتے ہیں ہمیں ازاد کشمیر جانے سے پاکستان کی مرکزی قیادت روکنے پر بھارت سب سے زیادہ خوش ہوگا انہوں نے دھمکی دی کہ اگر ہمیں کشمیر نہ جانے دیا گیا تو ہم یہاں دھرنا دیں گے جس پر پولیس کا موقف تھا کہ ہم نے ناکہ لگا رکھا ہے آپ آگے نہیں جاسکتے، وفد نے پولیس کو بتایا کہ ہم آزاد کشمیر جا کر بات کرنا چاہتے ہیں کہ وہاں احتجاج کیوں ہے؟ مگر پولیس مصر رہی کہ آپ آگے نہیں جاسکتے جس پر شاہد خاقان عباسی و دیگر نے کہا کہ قومی اسمبلی و سینیٹ کے قائدین اپوزیشن اور سابق وزیر اعظم کو روک کوئی مثبت پیغام نہیں دیا جا رہا، ہم بات چیت کے ارادے سے کشمیر جارہے ہیں ہماری سوچ مثبت ہے۔ اگر ان کے مطالبات جائز ہوئے تو تسلیم گے ورنہ انہیں صرف مشورہ ہی دینگے، علامہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی مرکزی قیادت کو کشمیر جانے سے روک کر منفی تاثر گیا ہے، پولیس کہتی ہے اوپر سے حکم آیا ہے کہ ہم کشمیر بھی نہیں جا سکتے، جبکہ ہم اظہار یکجہتی کرنے جارہے تھے۔

مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے قیام کو سات سال مکمل

تاجروں کے حقوق کے لیے جدوجہد آئندہ بھی جاری رہے گی، کاشف چوہدری



اسلام آباد (پی پی اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے ساتویں یوم تاسیس پر مرکزی صدر محمد کاشف چوہدری نے کہا ہے کہ تنظیم نے سات برسوں میں ملک کی مؤثر اور فعال تاجر نمائندہ تنظیم کے طور پر اپنی شناخت بنائی ہے انہوں نے کہا کہ تنظیم نے ٹیکس اصلاحات کاروبار دوست پالیسیوں اور تاجروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہمیشہ مؤثر کردار ادا کیا انہوں نے کہا کہ تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے حکومت معاشی فیصلوں میں تاجروں کو اعتماد میں لے کاشف چوہدری نے عزم ظاہر کیا کہ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان اپنے نصب العین تاجر مضبوط۔ معیشت مضبوط پاکستان مضبوط کے تحت تاجروں کے حقوق اور کاروباری آسانیوں کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی

سعودی وزیر مواصلات کو تمغہ ہلال پاکستان سے نوازا گیا

پاکستان اور سعودی عرب نے ٹیکنالوجی، مواصلات اور مصنوعی ذہانت میں تعاون مزید بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا

ریاض (محمد اکرم اسد) سعودی وزیر مواصلات و انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئر عبداللہ بن عامر السواحہ کو پاکستان کے نمایاں ترین قومی اعزاز ہلال پاکستان سے نوازا گیا ریاض میں سفیر پاکستان احمد فاروق نے حکومت پاکستان کی جانب سے تمغہ ہلال پاکستان سعودی وزیر مواصلات کو پیش کیا اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان مواصلات انفارمیشن ٹیکنالوجی اور دیگر ترجیحی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے اور شراکت داری کے نئے مواقع پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا وزیر مواصلات کو دیئے جانے والے اس اعزاز کو مملکت اور پاکستان کے مابین تاریخی اور برادرانہ تعلقات نیز مواصلات ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون اور مضبوط ہوتی شراکت داری کا عکاس قرار دیا گیا

آسٹریلیا نے بھارت کو ہرا کر سیمی فائنل سے باہر کردیا

ایلیسے پیری اور ایشلے گارڈنر کی نصف سنچریاں، آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ آخری چار ٹیموں میں شامل

لارڈز (پی پی اے) ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں آسٹریلیا نے بھارت کو چار وکٹوں سے شکست دے کر سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر کر دیا، جبکہ آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ نے آخری چار ٹیموں میں اپنی جگہ یقینی بنا لی لارڈز میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر 170 رنز بنائے بھارتی کپتان ہرمن پریت کور نے 27 گیندوں پر 56 رنز کی جارحانہ اننگز کھیلی جبکہ سمرتی مندھانا نے 38 اور شفالی ورما نے 34 رنز اسکور کیے آسٹریلیا کی جانب سے سوفی مولینکس نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا 171 رنز کے ہدف کے تعاقب میں آسٹریلیا نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 19 اوورز میں چار وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ ہدف حاصل کر لیا ایلیسے پیری نے 56 رنز کی ذمہ دارانہ اننگز کھیلی، جبکہ ایشلے گارڈنر 53 رنز بنا کر ناقابل شکست رہیں اور ٹیم کو یادگار فتح دلائی اس کامیابی کے ساتھ آسٹریلیا نے سیمی فائنل میں اپنی جگہ مستحکم کر لی جبکہ بھارت ٹورنامنٹ سے باہر ہو گیا دوسری جانب جنوبی افریقہ بھی سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے والی ٹیموں میں شامل ہوگئی

جولائی کے پہلے ہفتے میں مون سون بارشوں کی پیش گوئی

اسلام آباد، راولپنڈی سمیت کئی شہروں میں اربن فلڈنگ، بالائی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ

اسلام آباد (پی پی اے) محکمۂ موسمیات نے جولائی کے پہلے ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں مون سون بارشوں کی پیش گوئی کرتے ہوئے شہریوں اور متعلقہ اداروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے محکمۂ موسمیات کے مطابق 30 جون کی شام یا رات سے مغربی ہواؤں کا سلسلہ ملک میں داخل ہونے کا امکان ہے جبکہ بحیرۂ عرب سے مرطوب ہوائیں پہلے ہی ملک کے مشرقی اور وسطی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں 2 جولائی سے خلیج بنگال سے بھی مرطوب ہوائیں بالائی علاقوں کا رخ کریں گی، جس سے بارشوں کی شدت میں اضافہ متوقع ہے یکم سے 6 جولائی کے دوران کشمیر، پنجاب، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں آندھی، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے سندھ میں 3 اور 4 جولائی کو سکھر جیکب آباد لاڑکانہ اور ملحقہ اضلاع میں بھی بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے محکمۂ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ 2 سے 6 جولائی کے دوران بالائی خیبر پختونخوا گلگت بلتستان مری گلیات اور کشمیر میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ موجود ہے جبکہ یکم سے 4 جولائی کے دوران اسلام آباد راولپنڈی پشاور گوجرانوالہ لاہور اور فیصل آباد میں اربن فلڈنگ کا خدشہ ہے محکمۂ موسمیات نے عوام، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو ممکنہ موسمی صورتحال کے پیش نظر پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے

کھڈیوٹ میں جماعت اسلامی کے نئے دفتر کا افتتاح، متعدد افراد نے شمولیت اختیار کی

کھڈیوٹ (ندیم آزاد) یونین کونسل کھڈیوٹ میں جماعت اسلامی کے نئے دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں امیر ضلع راجہ جواد عباسی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی، جبکہ مقامی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امیر ضلع راجہ جواد عباسی نے جماعت اسلامی کی دینی، سماجی اور فلاحی خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام ہی معاشرے کے تمام مسائل کا مؤثر حل ہے اور عوام کو چاہیے کہ وہ اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ انہوں نے شرکاء کو جماعت اسلامی کی رکنیت اختیار کرنے کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر ابرار حسین عباسی نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایک مسلمان کی پوری زندگی عبادت ہے، بشرطیکہ وہ اپنی زندگی کے تمام شب و روز حضور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات اور سنت کے مطابق گزارے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی نظام کے قیام کے لیے جدوجہد ہر مسلمان پر فرضِ عین ہے، جبکہ دنیا و آخرت کی حقیقی کامیابی اسی نظام کے نفاذ سے وابستہ ہے۔ تقریب سے راجہ تنویر فاروق عباسی، ندیم اخترستی، ملک عبدالروف، سردار گل انداز اور راجہ عبادت حسین نے بھی خطاب کیا اور اسلامی نظام کے قیام اور جماعت اسلامی کے پیغام کو عام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر متعدد افراد نے جماعت اسلامی میں شمولیت کا اعلان کیا، جبکہ شرکاء نے جماعت اسلامی کے مشن اور مقاصد کی حمایت کا اظہار بھی کیا۔

اسٹیشن پر ٹرینوں کے سٹاپ کی بحالی کا مطالبہ زور پکڑ گیا

شہری بہتر سفری سہولیات، وقت بچانے، اخراجات کم کرنے کیلئے بحالی کا مطالبہ کرتے ہیں

مندرہ (مرزا زریاب طاہر): مندرہ ریلوے اسٹیشن پر ٹرینوں کا سٹاپ بحال کرنے کا مطالبہ زور پکڑنے لگا ہے۔ شہریوں، تاجروں، طلبہ اور روزانہ سفر کرنے والے افراد کا کہنا ہے کہ مندرہ ایک اہم تجارتی اور آبادی کے لحاظ سے بڑا علاقہ ہے، لیکن ٹرینوں کے سٹاپ ختم ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق اگر مندرہ ریلوے اسٹیشن پر ٹرینوں کا سٹاپ دوبارہ بحال کردیا جائے تو نہ صرف مقامی مسافروں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے گی بلکہ روزانہ سفر کرنے والے ہزاروں افراد کا قیمتی وقت، اضافی سفری اخراجات اور دیگر مشکلات بھی نمایاں طور پر کم ہوں گی۔ عوام نے وفاقی وزیر ریلوے، پاکستان ریلوے کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے مندرہ ریلوے اسٹیشن پر ٹرینوں کے سٹاپ فوری طور پر بحال کیے جائیں تاکہ علاقے کے مکین جدید، محفوظ اور آسان سفری سہولیات سے مستفید ہوسکیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ یہ ان کا جائز اور دیرینہ مطالبہ

مندرہ ہائی سکول میں تعطیلات کے باوجود اے سی چلنے پر تشویش،

شہریوں نے سرکاری وسائل کے ضیاع پر نوٹس، شفاف انکوائری اور کارروائی کا مطالبہ کیا

مندرہ (مرزا زریاب طاہر) مندرہ گورنمنٹ ہائی سکول میں گرمیوں کی تعطیلات کے باوجود مبینہ طور پر گزشتہ رات سے ایئر کنڈیشنر (اے سی) مسلسل چلنے کی اطلاع سامنے آئی ہے، جس پر شہریوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سرکاری وسائل کے استعمال پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ مقامی افراد کے مطابق سکول میں اس وقت تعلیمی سرگرمیاں معطل ہیں اور گرمیوں کی چھٹیاں جاری ہیں، اس کے باوجود اے سی کا مسلسل چلتے رہنا بجلی اور سرکاری وسائل کے غیر ضروری استعمال کے مترادف ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں میں توانائی کے ضیاع کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی کی ضرورت ہے۔ علاقہ مکینوں نے محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا نوٹس لے کر حقائق کی جانچ کی جائے اور اگر کسی قسم کی غفلت یا بے ضابطگی سامنے آئے تو ذمہ داروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔

راس تنورہ میں سعودی آرامکو کا ہیلی کاپٹر گر کر تباہ، 14 افراد جاں بحق

حادثے کی وجوہات جاننے کے لیے تحقیقات جاری وزارتِ توانائی کا شہدا کے اہلِ خانہ سے اظہارِ تعزیت

جدہ (محمد اکرم اسد) سعودی آرامکو کا ایک ہیلی کاپٹر راس تنورہ میں حادثے کا شکار ہوگیا جس کے نتیجے میں اس میں سوار تمام 14 افراد شہید ہو گئے سعودی پریس ایجنسی کے مطابق حادثے کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہوسکی، جبکہ اس حوالے سے تحقیقات جاری ہیں سعودی وزارتِ توانائی کے مطابق اتوار کو مقامی وقت کے مطابق صبح چھ بجے سعودی آرامکو کا ہیلی کاپٹر راس تنورہ میں گر کر تباہ ہوا اس افسوسناک حادثے میں ہیلی کاپٹر میں سوار تمام 14 مسافر جان کی بازی ہار گئے، شہید ہونے والے تمام افراد سعودی شہری تھے سعودی وزارت توانائی نے شہدا کے خاندانوں سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہدا کے لئے مغفرت اور اللہ کے حضور دعا کی ہے کہ انکو شہادت کا درجہ عطا فرما

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، فوری احکامات جاری

شہریوں کی شکایات میرٹ پر حل کرنے اور بروقت انصاف کی فراہمی کی ہدایت

اسلام آباد (پی پی اے) شہریوں کے تحفظ و مسائل کے فوری حل کیلئے آئی جی اسلام آباد متحرک آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی شکایات براہ راست سن کر ان کے فوری ازالے کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کھلی کچہری میں شہریوں سے براہ راست ملاقات کی ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور ان کے فوری اور موثر حل کیلئے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے کھلی کچہری کے دوران شہریوں نے متعلق مختلف نوعیت کے مسائل اور درخواستیں پیش کیں آئی جی اسلام آباد نے ہر درخواست گزار کی بات سنی اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام شکایات کو میرٹ شفافیت اور مقررہ وقت کے اندر حل کیا جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو انصاف کی بروقت فراہمی اور ان کے مسائل کا فوری ازالہ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں کو پولیس تک براہ راست رسائی فراہم کرنا ان کے مسائل کو بغیر کسی تاخیر کے سننا اور ان کے حل کو یقینی بنانا ہے انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد ہی پولیس کی اصل طاقت ہے اور اس اعتماد کو برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جارہے ہیں انہوں نے تمام سینئر افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی عزت اور پیشہ ورانہ رویہ اختیار کیا جائے ان کی شکایات پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے اور کسی بھی معاملے میں تاخیر یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی جبکہ اسلام آباد پولیس عوام دوست پولیسنگ کے فروغ شفاف احتساب اور بہترین عوامی خدمات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ انصاف کی فراہمی اور ان کے مسائل کے بروقت حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ قانون کی پاسداری کریں پولیس کے ساتھ تعاون جاری رکھیں

نیشنل پریس کلب میں صحافیوں کیلئے جدید ڈیجیٹل تربیتی پروگرام کا باقاعدہ آغاز ہوا

اے آئی، موبائل جرنلزم، ویڈیو ایڈیٹنگ سمیت جدید مہارتوں کی عملی تربیت فراہم کی جائے گی

اسلام آباد (پی پی اے) نیشنل پریس کلب اسلام آباد کے کونسل ممبران کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک ماہ پر مشتمل خصوصی کورسز کا تربیتی پروگرام شروع ہو گیا ہے نامور ٹرینر عاطف خان اس پروگرام کے تحت ممبران کو موبائل جرنلزم MoJo مصنوعی ذہانت (AI) ٹولز کا مؤثر استعمال ویڈیو ایڈیٹنگ سوشل میڈیا مینجمنٹ یوٹیوب کانٹینٹ کری ایشن ڈیجیٹل برانڈنگ فری لانسنگ اور آن لائن آمدن کے جدید ذرائع سے متعلق عملی تربیت فراہم کر رہے ہیں تربیتی کورسز کا مقصد صحافیوں اور میڈیا پروفیشنلز کو ڈیجیٹل دور کے تقاضوں کے مطابق جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے تاکہ وہ اپنے پیشہ ورانہ امور کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر بھی مؤثر انداز میں کام کرتے ہوئے نئے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں کورسز میں تجربہ کار ٹرینرز اور متعلقہ شعبوں کے ماہرین عملی ورکشاپس اور ہینڈز آن سیشنز کے ذریعے شرکاء کو جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال کی تربیت دیں گے۔ اس موقع پر نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال کا کہنا تھا کہ صحافت کا شعبہ تیزی سے ڈیجیٹل تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے جہاں مصنوعی ذہانت موبائل جرنلزم سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز جدید صحافت کا لازمی حصہ بن چکے ہیں اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے نیشنل پریس کلب نے اپنے ممبران کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک ماہ پر مشتمل جدید تربیتی پروگرام کا آغاز کیا ہے تاکہ صحافی نہ صرف اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافہ کرسکیں بلکہ ڈیجیٹل میڈیا، فری لانسنگ اور آن لائن آمدن کے نئے مواقع سے بھی بھرپور استفادہ حاصل کریں انہوں نے کہا کہ اس پروگرام میں مکمل طور پر عملی Hands-on تربیت دی جائے گی، ل جس کے ذریعے شرکاء جدید اے آئی ٹولز ویڈیو ایڈیٹنگ یوٹیوب کانٹینٹ، ل ڈیجیٹل برانڈنگ اور سوشل میڈیا مینجمنٹ